صحافت میں حق وسچ کی روایت

روزنامہ سچ کا ساتھ لاہور
Daily LAHORE SUCH KA SATH
چیف ایڈیٹر محمد وجاہت حسین

جلد نمبر 8 جمعرات 13 اپریل 2023ء 22 رمضان المبارک 1444ھ یکم بیساکھ 2080ب (صفحات قیمت 15 روپے) شمارہ نمبر 38

8 رکنی لارجر بینچ آج ساڑھے 11 بجے سماعت کرے گا، سپریم کورٹ پریکٹس اینڈ پروسیجر بل کے تحت سوموٹو نوٹس لینے کا اختیار اب اعلیٰ عدلیہ کے 3 سینئر ترین ججز کے پاس ہوگا

چیف جسٹس کے اختیارات سے متعلق قانون سازی کا معاملہ 8 رکنی بینچ آج سماعت کرے گا

بینچ کے دیگر ممبران میں جسٹس اعجاز الاحسن، جسٹس منیب اختر، جسٹس مظاہر نقوی، جسٹس محمد علی مظہر، جسٹس عائشہ ملک، جسٹس حسن اظہر رضوی اور جسٹس شاہد وحید شامل ہیں۔

نئی قانون سازی کے تحت نواز شریف کو از خود نوٹس پر ملی سزا پر اپیل کا حق ملے گا جبکہ نااہل قرار پانے والے سابق وزیراعظم یوسف رضا گیلانی، جہانگیر ترین اور دیگر فریق بھی اپنے خلاف فیصلوں کو چیلنج کر سکیں

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سپریم کورٹ پریکٹس اینڈ پروسیجر بل کیخلاف درخواستیں سماعت کیلئے مقرر کر دی گئیں، 8 رکنی لارجر بینچ کل ساڑھے 11 بجے سماعت کرے گا۔ چیف (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 1)

لاہور: نگران وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی کے ہمراہ ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن گوجرانوالہ کے جنرل سیکرٹری حافظ وزیر علی ملک کی قیادت میں ملاقات کرنے والے وکلا کے وفد کا گروپ فوٹو

بھارتی فضائیہ کا گروپ کیپٹن اپنی ہی قیادت کے بلنڈر کی بھینٹ چڑھ گیا

پاکستان کا آپریشن سوفٹ ریٹارٹ کے دوران بھارتی MI-17 ہیلی کاپٹر گرائے جانے کا دعویٰ "سچ ثابت" ہوا

گھبراہٹ اور پریشانی کے عالم میں دیئے گئے احکامات سے بھارتی فضائیہ کو 133.3 کروڑ کا نقصان پہنچا، رپورٹ

نئی دہلی (این این آئی) بھارتی فضائیہ کا گروپ کیپٹن اپنی ہی قیادت کے بلنڈر کی بھینٹ چڑھ گیا، پاکستان کا آپریشن سوفٹ ریٹارٹ کے دوران بھارتی MI-17 ہیلی کاپٹر گرائے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 2)

عدالتی حکم عدولی کرنے اور اس پر اکسانے والوں کیخلاف کارروائی ہوسکتی ہے، بروقت انتخابات نہ کروانا آئین کو خطرے میں ڈالنا ہے، عدالت

پنجاب انتخابات فنڈز کی عدم فراہمی
سپریم کورٹ کا حکومت واسٹیٹ بینک کو نوٹس

14 اپریل کو طلب کرلیا

پنجاب میں انتخابات کیلئے فنڈز کی عدم فراہمی پر سپریم کورٹ نے اٹارنی جنرل، گورنر اسٹیٹ بینک، سیکرٹری خزانہ اور سیکرٹری الیکشن کمیشن کو نوٹسز جاری کر دیئے۔

وفاقی حکومت نے فنڈز فراہم نہیں کئے، فنڈز کی عدم فراہمی عدالتی احکامات کی حکم عدولی ہے، عدالتی حکم عدولی کے نتائج قانون میں واضح اور سب کو معلوم ہیں

عدالتی احکامات پر من وعن عملدرآمد یقینی بنایا جائے، گورنر سٹیٹ بینک حکومت کے تمام پیسے کی تفصیلات ہمراہ لائیں،، چیف جسٹس نے تمام افسران کو 14 اپریل کو چیمبر میں طلب کرلیا

اسلام آباد (این این آئی) پنجاب میں انتخابات کیلئے فنڈز کی عدم فراہمی پر سپریم کورٹ نے سیکرٹری خزانہ، اٹارنی جنرل، سیکرٹری الیکشن کمیشن اور گورنر اسٹیٹ بینک کو نوٹس (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 33)

عدت میں نکاح کیس میں بشریٰ عمران کے نکاح خواں مفتی سعید کا بیان قلمبند

پہلے نکاح کے وقت بشریٰ بی بی کا عدت کا دورانیہ مکمل نہیں ہوا تھا، کیونکہ نومبر 2017 میں بشریٰ بی بی کو طلاق ہوئی، عمران خان نے بتایا کہ پہلا نکاح غیر شرعی تھا

عمران خان اور بشریٰ بی بی نے سب جانتے ہوئے بھی نکاح اور شادی کی تقریب منعقد کی، عمران خان نے مجھے بتایا کہ بشریٰ بی بی سے نکاح کرنے پر پیشگوئی تھی کہ وہ وزیراعظم بن جائیں گے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) عدت میں نکاح کے کیس میں بشریٰ بی بی اور عمران خان کے نکاح خواں مفتی سعید نے عدالت میں بیان قلمبند کرادیا۔ ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹ میں عمران خان اور بشریٰ بی بی کے خلاف عدت میں نکاح کے کیس کی سماعت ہوئی۔ سینئر سول جج نصر من اللہ بلوچ نے درخواست گزار محمد حنیف کی جلد سماعت کی درخواست منظور کرلی۔ (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 31)

ناقص معاشی پالیسیوں کی وجہ سے آج ملک تباہی کے دہانے پر پہنچ گیا ہے

آج بھی اپنے امیدواروں کو ٹکٹ دینے کے نام پر زمان پارک کی چوکیداری کروانے پر مجبور کروا رہا ہے

پیر محل (نامہ نگار) عمران خان کا اپنے دور اقتدار میں ملک کی باگ دوڑ سنبھال کر اسمبلیوں کی موجودگی کے باوجود 53 سے زائد آرڈیننس جاری کروانا ان کی جمہوریت دشمنی کی واضح مثال ہے تحریک انصاف کی ناقص معاشی پالیسیوں کی وجہ سے آج ملک تباہی کے دہانے پر پہنچ گیا ہے ان خیالات کا اظہار پیر قطب علی شاہ امیدوار پنجاب اسمبلی پی پی 123 پاکستان مسلم لیگ ن نے ہمراہ عثمان یاسین جنرل سیکرٹری پاکستان مسلم لیگ ن انتخابی مہم کے دوران کارنر میٹنگ میں کیا انہوں نے کہا کہ وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف نے فہم وفراست سے معیشت کی درستگی کی جانب گامزن ہوا حالیہ معاشی فیصلوں سے ملک میں ترقی وخوشحالی کے نئے دور کا آغاز ہوگا عمران خان نے اپنی ڈکٹیٹرشپ قائم رکھنے کے لیے پارلیمنٹ کو پس پشت ڈال کر اپنی من مانیاں کی جسکے نتیجے میں آج ملک سنگین بحرانوں کا شکار ہے آج بھی اپنے امیدواروں کو ٹکٹ دینے کے نام پر زمان پارک کی چوکیداری کروانے پر مجبور کروا رہا ہے امیدوار ٹکٹ کے حصول کے لیے عمران خان کی بلیک میلنگ کا شکار ہے جنرل الیکشن میں مسلم لیگ (ن) بھاری اکثریت سے کامیاب ہوگی

ہنزہ کی ڈاکٹر نے گلگت بلتستان کی پہلی خاتون شکاری کا اعزاز حاصل کرلیا

ہنزہ (این این آئی) ہنزہ سے تعلق رکھنے والی ڈاکٹر نازمین امان نے 42 انچ کیپی سنگ والی ہمالیین آئیبکس کا کامیاب شکار کرکے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 27)

ہائی کورٹ نے عمران خان کی ویڈیو لنک کے ذریعے پیشی سے متعلق قانونی نکات پر دلائل طلب کرلیے

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائی کورٹ نے عمران خان کی (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 28)

رمضان نزول قرآن اور انسانیت کی خدمت کا مہینہ ہے، مولانا فضل الرحمن

اسلام آباد (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمن نے کہا ہے کہ رمضان نزول قرآن اور (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 29)

موسمیاتی تبدیلیوں کی وجہ سے ہیٹ ویو، گرمی کی شدت میں اضافے کا امکان

لاہور (این این آئی) ڈائریکٹر جنرل پراونشل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی لیفٹیننٹ عمران قریشی کی زیر صدارت پی ڈی (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 30)

سستا پیٹرول منصوبہ، وفاقی حکومت نے صوبوں سے رجسٹرڈ موٹرسائیکلوں کا ڈیٹا طلب کرلیا

بلوچستان کے محکمہ ایکسائز نے رجسٹرڈ موٹرسائیکلوں کا ڈیٹا وفاقی حکومت کو فراہم کردیا، ذرائع

اسلام آباد/کوئٹہ (این این آئی) وفاقی حکومت کی جانب سے موٹر سائیکل مالکان کو سستے داموں پیٹرول کی فراہمی کا منصوبہ عنقریب شروع ہونے کا امکان ہے۔ حکام کے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 3)

برطانیہ میں 35 فیصد پاکستانی نسل پرستانہ رویے کا شکار ہیں، سروے

برطانیہ میں اقلیتوں کی ایک چوتھائی کو نسلی توہین، جائیدادوں کے نقصان، نسل پرستانہ حملوں کا سامنا ہے، رپورٹ

لندن (این این آئی) برطانیہ میں 35 فیصد پاکستانی نسل پرستانہ رویے کا شکار ہیں۔ کوڈ ایونس کے سروے کے مطابق برطانیہ میں اقلیتوں کی ایک چوتھائی کو نسلی توہین، جائیدادوں (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 4)

امریکا کے رکن کانگریس بریڈ شرمین کا عمران خان کی حمایت میں امریکی وزیر خارجہ کو خط

امریکا پاکستان تعلقات کو جمہوریت، انسانی حقوق اور قانون کے احترام سے متعلق امریکی ترجیحات کا مظہر ہونا چاہیے، خط

پاکستان کے داخلی حکومتی معاملات میں امریکا مداخلت نہیں کرتا مگر ہمیں اس وقت منہ نہیں موڑنا چاہیے، متن

نیویارک (این این آئی) امریکا کی امور خارجہ کمیٹی کے سینئر رکن اور کانگریس رہنما بریڈ شرمین نے سابق وزیراعظم پاکستان عمران خان اور پی ٹی آئی کے حق میں امریکی وزیر (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 5)

لاہور: حضرت علیؓ کے یوم شہادت کا مرکزی جلوس اپنے مقررہ راستوں سے گزر رہا ہے

کچے کے ڈاکوؤں کے پکے میں موجود سہولت کاروں کو لفٹ ٹائم دینگے، آئی جی سندھ

آپریشن کیلئے جدید اسلحے کی خریداری کے فنڈز جلد ریلیز ہوں گے، غلام نبی میمن کی گفتگو

کراچی (این این آئی) آئی جی سندھ غلام نبی میمن نے ڈاکوؤں کے مبینہ سرپرستوں کو کھلی وارننگ دیتے ہوئے کہا ہے کہ کچے کے ڈاکوؤں کے پکے میں موجود سہولت کاروں کو لفٹ ٹائم دینگے۔ روہڑی تھانے کے حفاظتی بند پر قائم چوکی کا افتتاح کرتے ہوئے آئی جی سندھ غلام نبی میمن (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 6)

یو اے ای سے ایک ارب ڈالر کی فنانسنگ کی ضمانت رواں ہفتے ہی ملنے کا امکان

متحدہ عرب امارات سے ایک ارب ڈالر کی فنانسنگ کے لیے معاملات فائنل ہوچکے ہیں، ذرائع

دبئی (این این آئی) متحدہ عرب امارات سے ایک ارب ڈالر کی فنانسنگ کے لیے رواں ہفتے ہی تحریری ضمانت ملنے کا امکان ہے۔ ذرائع کے مطابق اس سلسلے میں سیکرٹری وزارت (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 7)

اضافی ٹیکسوں کی وجہ سے ملکی صنعتیں تباہ ہو رہی ہیں، چیف جسٹس

سندھ سیلز ٹیکس 2011ء کے خلاف سپریم کورٹ میں درخواستوں کی سماعت کے دوران چیف جسٹس نے ریمارکس دیے کہ صنعتوں پر اضافی ٹیکسز کے نفاذ کے معاملے کو بھی دیکھنے کی ضرورت ہے

سندھ ریونیو بورڈ کی درخواست پر کیس کی سماعت چیف جسٹس پاکستان کی سربراہی میں سپریم کورٹ کے 3 رکنی بینچ نے کی۔ بعدازاں عدالت نے کیس کو مزید سماعت کے لیے جون کے پہلے ہفتے تک ملتوی کردیا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) چیف جسٹس آف پاکستان نے کیس کی سماعت کے دوران ریمارکس دیے ہیں کہ ملکی صنعتیں اضافی ٹیکسوں کی وجہ سے تباہ ہورہی ہیں۔ سندھ سیلز ٹیکس 2011ء کے خلاف سپریم کورٹ میں درخواستوں کی سماعت کے دوران چیف جسٹس نے ریمارکس دیے کہ صنعتوں پر اضافی ٹیکسز کے نفاذ کے معاملے کو بھی دیکھنے کی ضرورت ہے۔ ملک کی صنعتیں اضافی ٹیکسز (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 26)

گاڑیوں، موبائل فونز سمیت 350 سے زائد اشیا پر ریگولیٹری ڈیوٹی ختم

ہوم اپلائنسز، ہائی ٹیک موبائل فونز، گوشت، مچھلی، فروٹ، سبزیوں، جوتوں، فرنیچر، آئسکریم، کتے بلیوں کی خوراک، میوزیکل انسٹرومنٹ سمیت دیگر اشیا پر بھی ریگولیٹری ڈیوٹی میں کمی کردی گئی ہے

ذرائع کے مطابق ان ایس آر اوز کی میعاد ختم ہونے سے 350 سے زائد اشیا سستی ہوجائیں گی۔ ایس آر اوز کی میعاد ختم ہونے سے بندرگاہوں پر پھنسی ہوئی 600 سے زائد گاڑیوں کی کلیئرنس میں بھی مدد ملے گی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) 1800 سی سی تک کی استعمال شدہ گاڑیوں اور موبائل فونز سمیت 350 سے زائد اشیا پر ریگولیٹری ڈیوٹی ختم کردی گئی۔ ایف بی آر ذرائع کے مطابق ہوم اپلائنسز، ہائی ٹیک موبائل فونز، گوشت، مچھلی، فروٹ، سبزیوں، جوتوں، فرنیچر، آئسکریم، کتے بلیوں کی خوراک، میوزیکل انسٹرومنٹ سمیت دیگر اشیا پر بھی ریگولیٹری ڈیوٹی میں کمی کردی گئی ہے۔ حکومت کی جانب سے ان اشیا پر عائد ریگولیٹری ڈیوٹی کے جاری کردہ 2 ایس آر اوز کی میعاد 31 مارچ 2023ء کو ختم ہوگئی ہے جب کہ ٹیرف پالیسی بورڈ کے چیئرمین نے ان ایس آر اوز کی میعاد میں توسیع سے انکار کردیا ہے۔ (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 8)

لاہور: سپیکر سردار محمد سبطین خان پنجاب اسمبلی میں پریس کانفرنس کررہے ہیں

پاکستان میں عیدالفطر 22 اپریل بروز ہفتے کو ہوگی: ماہرین فلکیات

20 اپریل جمعرات کو سورج گرہن ہوگا جو صبح ساڑھے 6 بجے شروع ہوکر دوپہر 12 بجے ختم ہوگا، ماہرین

اسلام آباد (این این آئی) ماہرین فلکیات نے کہا ہے کہ عیدالفطر 22 اپریل ہفتے کو ہوگی۔ ماہرین فلکیات کے مطابق 20 اپریل جمعرات کو سورج گرہن ہوگا جو صبح ساڑھے 6 بجے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 17)

عمران خان کی تھانہ رمنا میں درج بغاوت کا مقدمہ خارج کرنے کی درخواست پر فریقین کو نوٹس

اسلام آباد ہائی کورٹ نے مدعی مقدمہ علاقہ مجسٹریٹ کو آئندہ سماعت پر ذاتی حیثیت میں طلب کرلیا

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائیکورٹ نے چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان کی تھانہ رمنا میں درج بغاوت کا مقدمہ خارج کرنے کی درخواست پر فریقین کو نوٹس کرتے ہوئے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 16)

لاہور: نگران صوبائی وزیر صنعت وتجارت وتوانائی ایس ایم تنویر پائرولیسز یونٹس اور ماحولیات آلودگی کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

ماحولیاتی آلودگی کا باعث بننے والے پائرولیسز پلانٹس کے خلاف کریک ڈاؤن کرنے کا فیصلہ

کسی کو بھی ماحولیاتی آلودگی پھیلانے کی اجازت نہیں دی جاسکتی، صوبائی وزیر صنعت وتجارت

ماحول کو آلودگی سے پاک کرنے کے لئے معاشرے کے ہر فرد کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا، ایس ایم تنویر

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر صنعت، تجارت و توانائی ایس ایم تنویر کی زیر صدارت محکمہ تحفظ ماحولیات کے کمیٹی روم میں اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ماحولیاتی آلودگی (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 25)

الیکشن نہیں ہوتے تو سپریم کورٹ کا وجود خطرے میں پڑ جائے گا: فواد چودھری

سپریم کورٹ نے افسران کو براہ راست طلب کیا ہے اور حقائق مانگے ہیں، تمام ادارے اور سربراہان جو آئین کے تحفظ کا حلف اٹھاتے ہیں ان کو مثبت کردار ادا کرنا ہوگا

ایک ہفتے تک وکلاء کی تحریک شروع ہونے والی ہے، انتخابات کیلئے فنڈز جاری نہ کرنے پر وزیراعظم، کابینہ نا اہل ہوگی' فواد چوہدری

لاہور: (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی رہنما فواد چودھری نے کہا ہے کہ سپریم کورٹ کے حکم پر عمل ہونا لازمی ہے، اگر الیکشن نہیں ہوتے تو سپریم کورٹ کا بطور ادارہ وجود خطرے میں پڑ جاتا ہے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر اپنے بیان میں سابق وفاقی (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 18)

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے سینئر مرکزی نائب صدر فواد چوہدری نے کہا ہے کہ ایک ہفتے تک وکلاء کی تحریک شروع ہونے والی ہے، انتخابات کے لئے فنڈز جاری نہ کرنے پر آرٹیکل 90 کے تحت وزیراعظم اور کابینہ عدالتی حکم عدولی کے مرتکب ہوئے ہیں اور وزیراعظم اور (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 15)

نگران وزیر ہاؤسنگ کی پھاٹا کی جانب سے منظور پرائیویٹ سوسائٹیوں کی سکروٹنی کا حکم

اظفر علی ناصر نے پھاٹا کی تمام ہاؤسنگ سکیموں پر عدالتی مقدمات جلد ختم کروانے کا حکم دیا

لاہور (این این آئی) نگران صوبائی وزیر ہاؤسنگ، اربن ڈویلپمنٹ اینڈ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ میر سرفراز علی ناصر اور سپیشل سیکرٹری ہاؤسنگ صالحہ سعید نے ڈائریکٹوریٹ جنرل (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 24)

پنجاب میں تقریباً 13 لاکھ 49 ہزار سے زائد آٹے کے مفت تھیلے تقسیم

پنجاب حکومت رمضان المبارک میں شہریوں کو مفت آٹے کا تاریخ ساز ریلیف فراہم کررہی ہے

مفت آٹا 25 رمضان المبارک تک جاری رہے گا، ڈپٹی کمشنر محمد ارشد بھٹی

قصور (این این آئی) ڈپٹی کمشنر محمد ارشد بھٹی نے کہا ہے کہ حکومت پنجاب کے مفت آٹا پیکج کے تحت ضلع بھر میں اب تک 13 لاکھ 49 ہزار 104 آٹے کے مفت تھیلے تقسیم کئے جاچکے ہیں۔ ایک جائزہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر کا کہنا تھا کہ وزیراعظم پاکستان کے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 9)

وکلاء آئین اور قانون کے مطابق سپریم کورٹ کے فیصلے پر عملدرآمد کروائیں گے، اعظم سواتی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما سینیٹر اعظم سواتی نے کہا ہے کہ وکلاء آئین اور قانون کے مطابق سپریم کورٹ کے فیصلے پر عملدرآمد کروائیں گے۔ ماڈل (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 10)

ملک کو اسلامی نظام کی ضرورت ہے اور یہ نظام جماعت اسلامی لا سکتی ہے، رانا غلام عباس

تمام شرائط ان کو قبول ہے خواہ عوام زندہ رہے یا مرے عوام کی قربانی دینا ان کے منشور میں شامل ہے

پیر محل (نامہ نگار) ملک کو اسلامی نظام کی ضرورت ہے اور یہ نظام جماعت اسلامی لا سکتی ہے ان خیالات کا اظہار رانا غلام عباس امیدوار پنجاب اسمبلی پی پی 123 تحصیل صدر جماعت اسلامی نے مختلف چک میں علاقہ احباب سے ملاقاتوں میں کیا انہوں نے کہا جماعت اسلامی کی حکومت کا مقصد حاکمیت الٰہی کا قیام ہے۔ پی ڈی ایم، پیپلز پارٹی اور پی ٹی آئی کا طرز حکومت، پالیسیاں یکساں، اختلاف صرف اقتدار کے حصول کے مسئلہ پر ہے یہ جماعتیں لوٹ مار میں ملوث ہیں لوٹ مار ان کا منشور ہے توشہ خانہ رپورٹ نے سب کو ایکسپوز کردیا ان کے چہرے، جھنڈے اور پارٹیاں الگ الگ طرز بود و باش، کچھ منشور ایک ہے۔ جھوٹ بولنے کا معاملہ ہو یا آئی ایم ایف کی غلامی انہیں عوام کی بجائے اپنے مفادات عزیز ہے اقتدار حاصل کرنے کے لیے تمام شرائط ان کو قبول ہے خواہ عوام زندہ رہے یا مرے عوام کی قربانی دینا ان کے منشور میں شامل ہے

[illegible]

دہشت گردی کی کارروائیوں کی کوریج کا عالمی ضابطہ ملکی قانون کا حصہ ہے، مریم اورنگزیب

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات مریم اورنگزیب (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 23)

وزیرخزانہ سے برطانیہ کے قائمقام ہائی کمشنر کی ملاقات، ملک کی مجموعی اقتصادی صورتحال سے آگاہ کیا

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیرخزانہ ومحصولات سینیٹر محمد اسحاق ڈار (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 22)

لاہور: پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی رہنما فواد چودھری میڈیا سے گفتگو کررہے ہیں

وزیراعظم کی عیدالفطر سے قبل تنخواہ اور ماہانہ پینشن ادا کرنے کی ہدایت

وزیراعظم اور وزیرخزانہ نے مشاورت کے بعد سرکاری ملازمین کو عیدالفطر سے پہلے اس ماہ کی تنخواہ دینے کا فیصلہ کیا گیا

اس ضمن میں وزیرخزانہ نے سیکرٹری خزانہ کو فوری انتظامات کرنے کی ہدایت کی ہے جس کی تصدیق مریم اورنگزیب نے بھی کردی ہے

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے ملازمین اور پنشنرز کی سہولت کے لئے سرکاری ملازمین کو عیدالفطر سے قبل تنخواہ اور ماہانہ پنشن ادا کرنے کی ہدایت کردی۔ بعد کو وزیراعظم اور وزیر خزانہ نے مشاورت کے بعد سرکاری ملازمین کو عیدالفطر سے پہلے اس ماہ کی تنخواہ دینے کا فیصلہ کیا گیا۔ ذرائع کے مطابق (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 20)

زمان پارک سے رکاوٹیں ہٹانے کی درخواست پر سماعت 19 اپریل تک ملتوی

ڈی سی او ڈی جی پی ایچ اے کی جانب سے عدالت میں جواب جمع کروا دیا گیا

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے تحریک انصاف کے چیئرمین عمران کی رہائشگاہ زمان پارک سے رکاوٹیں ہٹانے کی درخواست پر سماعت 19 اپریل تک ملتوی کردی۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس علی باقر نجفی کی سربراہی میں دو رکنی بینچ نے شہری ظفر اللہ کی (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 21)

علاقہ پیر محل کا اعزاز
جامعہ نعیمیہ پیر محل
کے طالب علم محمد ثقلین بن مقصود احمد نے تنظیم المدارس اہل سنت پاکستان کے تحت منعقد ہونے والے امتحان عالم کورس میں پورے پاکستان سے تیسری پوزیشن حاصل کی
مفتی محمد وسیم سیالوی صاحب
کو مبارک باد پیش کرتے ہیں
جامعہ نعیمیہ قمر الاسلام، پیر محل
Congratulations!
3rd POSITION

بقیہ | بقیہ جات | 1

جسٹس آف پاکستان عمر عطا بندیال کی سربراہی میں 8 رکنی لارجر بینچ 13 اپریل کو سماعت کرے گا، بینچ کے دیگر ممبران میں جسٹس اعجاز الاحسن، جسٹس منیب اختر، جسٹس مظاہر نقوی، جسٹس محمد علی مظہر، جسٹس عائشہ ملک، جسٹس حسن اظہر رضوی اور جسٹس شاہد وحید شامل ہیں۔ واضح رہے 10 اپریل کو پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس میں سپریم کورٹ کے چیف جسٹس کے اختیارات سے متعلق بل کثرت رائے سے ترامیم کے ساتھ منظور کیا گیا تھا، بل پر صدر کے دستخط کے بعد چیف جسٹس کا از خود نوٹس لینے کا اختیار ختم ہو جائے گا اور 3 سینئر ترین ججز از خود نوٹس سے متعلق فیصلہ کر سکیں گے۔ عدالتی اصلاحات سے متعلق بل آئین کے آرٹیکل 75 کے تحت نظر ثانی کیلئے گزشتہ ہفتے پارلیمنٹ کو واپس بھجواتے ہوئے صدر مملکت کا کہنا تھا کہ پارلیمنٹ اس بل پر از سر نو غور کرے، مسودہ بل بادی النظر میں پارلیمنٹ کے دائرہ اختیار سے باہر ہے، بل قانونی طور پر مصنوعی اور ناکافی ہونے پر عدالت میں چیلنج کیا جاسکتا ہے۔ صدر ڈاکٹر عارف علوی کا مزید کہنا تھا کہ سپریم کورٹ کے جانچ شدہ قواعد میں چھیڑ چھاڑ عدالت کی اندرونی کارروائی، خود مختاری اور آزادی میں مداخلت کے مترادف ہوسکتی ہے، آرٹیکل 67 پارلیمان اور آرٹیکل 191 سپریم کورٹ کو تحفظ فراہم کرتا ہے، یہ آرٹیکل دونوں اداروں کے اختیار میں مداخلت سے منع کرتے ہیں۔ سپریم کورٹ پریکٹس اینڈ پروسیجر بل کے تحت سوموٹو نوٹس لینے کا اختیار اب اعلیٰ عدلیہ کے 3 سینئر ترین ججز کے پاس ہوگا۔ بل کے تحت چیف جسٹس کا از خود نوٹس کا اختیار محدود ہوگا، بینچوں کی تشکیل اور از خود نوٹس کا فیصلہ ایک کمیٹی کرے گی جس میں چیف جسٹس اور دو سینئر ترین ججز ہوں گے۔ نئی قانون سازی کے تحت نواز شریف کو از خود نوٹس پر ملی سزا پر اپیل کا حق ملے گا جبکہ نااہل قرار پانے والے سابق وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی، جہانگیر ترین اور دیگر فریق بھی اپنے خلاف فیصلوں کو چیلنج کر سکیں گے۔

بقیہ | بقیہ جات | 2

جانے کا دعویٰ "سچ ثابت" ہوا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق بھارتی فضائیہ کے گروپ کیپٹن سمن رائے چوہدری کی کورٹ مارشل رپورٹ نے بھانڈہ پھوڑ دیا، گروپ کیپٹن سمن رائے چوہدری اور ونگ کمانڈر شیام نیتھانی نے پاک فضائیہ کی جوابی کارروائی کے دوران "گھبراہٹ" میں اپنا ہی ہیلی کاپٹر مار گرایا تھا، بھارتی فضائیہ کی طرف سے گروپ کیپٹن سمن رائے چوہدری کو "کورٹ مارشل" اور ونگ کمانڈر شیام نیتھانی کو Severe Reprimand کی سزا سنا دی گئی، ہیلی کاپٹر گرائے جانے کے نتیجے میں بھارتی ائیرفورس کے 6 اہلکار سمیت 7 افراد ہلاک ہوئے تھے گروپ کیپٹن سمن رائے چوہدری پر حکم عدولی کرنے اور بدحواسی میں میزائل یونٹ کو اپنا ہی ہیلی کاپٹر مار گرانے پر کورٹ مارشل کیا گیا۔ رپورٹ کے مطابق گھبراہٹ اور پریشانی کے عالم میں دیئے گئے احکامات سے بھارتی فضائیہ کو 3,133 کروڑ کا نقصان پہنچا، رپورٹ کے مطابق پاکستان کی انٹیلی جنس ایجنسیوں نے اسی وقت بھارتی بلنڈر کا بھانڈا پھوڑ دیا تھا جسے بھارت نے مسترد کرتے ہوئے اسے من گھڑت اور جھوٹ قرار دیا تھا، گروپ کیپٹن سمن رائے چوہدری اور ونگ کمانڈر شیام نیتھانی کی سزا نے پاکستانی دعوے کی تصدیق کر دی، آئے روز کے سکینڈلز نے بھارتی افواج کی ساکھ اور عزت خاک میں ملا دی، آپریشن سوفٹ ریٹارٹ کی ہزیمت کو چھپانے کیلئے ونگ کمانڈر ابھی نندن کو ویر چکرا کا اعزاز بھی دیا گیا تھا۔ بھارتی عوام نے سوال اٹھایا کہ کیا سکینڈلز زدہ بھارتی فوج ایک پیشہ ورانہ فوج کہلانے کی مستحق ہے، جو مسلسل اپنی عوام کی آنکھوں میں دھول جھونکتی رہی ہے۔

بقیہ | بقیہ جات | 3

مطابق وفاقی حکومت نے موٹر سائیکل مالکان کو سستے داموں پیٹرول کی فراہمی کے منصوبے کیلئے صوبوں سے رجسٹرڈ موٹر سائیکلوں کا ڈیٹا محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن سے طلب کیا ہے جسے نادرا سے منسلک کیا جائے گا۔ موٹر سائیکل مالکان کے کوائف چیک کیے جانے کے بعد انہیں ماہانہ سستے داموں پیٹرول دیا جائے گا۔ محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن بلوچستان نے رجسٹرڈ موٹر سائیکلوں کا ڈیٹا وفاقی حکومت کو فراہم کر دیا ہے جس کے مطابق بلوچستان میں رجسٹرڈ موٹر سائیکلوں کی تعداد 5 لاکھ سے زائد ہے۔

بقیہ | بقیہ جات | 4

کے نقصان، نسل پرستانہ حملوں کا سامنا ہے۔ تحقیقاتی سروے میں کہا گیا کہ برطانیہ نسلی طور پر انصاف پسند معاشرہ ہونے کے قریب نہیں، ادارہ جاتی نسل پرستی میں کمی کا حکومتی دعویٰ درست نہیں ہے۔ سروے کی سربراہ پروفیسر نیسانی کے مطابق نسل پرستانہ رویے کے باوجود اقلیتیں برطانیہ سے مضبوط تعلق کے ساتھ زندگی گزار رہی ہیں۔ اکثر پاکستانی لیبر پارٹی، یہودی ٹوری پارٹی، چینی اور ایسٹ یورپین لبرل ڈیموکریٹ کے ساتھ ہیں۔

بقیہ | بقیہ جات | 5

خارجہ انٹونی بلنکن کے نام خط لکھا ہے جس میں کہا گیا ہے کہ امریکا پاکستان تعلقات کو جمہوریت، انسانی حقوق اور قانون کے احترام سے متعلق امریکی ترجیحات کا مظہر ہونا چاہیے، پاکستان کے داخلی حکومتی معاملات میں امریکا مداخلت نہیں کرتا مگر ہمیں اس وقت منہ نہیں موڑنا چاہیے جب پاکستانی عوام کے انسانی حقوق کو خطرات لاحق ہوں۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق بریڈ شرمین کی جانب سے امریکی وزیر خارجہ کو لکھے گئے خط میں کہا گیا کہ امریکی مفاد میں ہے کہ پاکستان میں انسانی حقوق کو سپورٹ کیا جائے، امریکا پاکستان تعلقات کو جمہوریت، انسانی حقوق اور قانون کے احترام سے متعلق امریکی ترجیحات کا مظہر ہونا چاہیے۔ خط میں کہا گیا کہ پاکستان کے داخلی حکومتی معاملات میں امریکا مداخلت نہیں کرتا مگر ہمیں اس وقت منہ نہیں موڑنا چاہیے جب پاکستانی عوام کے انسانی حقوق کو خطرات لاحق ہوں۔ بریڈ شرمین کی جانب سے امریکی وزیر خارجہ کو لکھے گئے خط میں کہا گیا کہ امریکا کے اس موقف کا اعادہ کیا جانا چاہیے کہ حکومت پاکستان لوگوں کے آزادی اظہار، جمع ہونے، اور پر امن مظاہرے کے حق کا احترام کرے، یہ اہم ہے کہ ایسا جمہوری اور خوشحال پاکستان ہو جہاں لوگ آزادانہ اور کھلے انداز سے جمہوری ڈائیلاگ کر سکیں۔ بریڈ شرمین نے اس بات پر تشویش ظاہر کی ہے کہ پچھلے سال سیاسی شخصیات بشمول سابق وزیر اعظم عمران خان کے چیف آف اسٹاف شہباز گل اور صحافی جمیل فاروقی کو مبینہ تشدد اور جنسی بدسلوکی کا نشانہ بنایا گیا۔ انہوں نے خط میں لکھا کہ [illegible] کی گرفتاری نے خدشات اور بڑھا دیے ہیں۔ بریڈ شرمین کے مطابق عمران خان کے خلاف کئی مقدمات کا اندراج تشویش ناک ہے اور ان کے حامیوں کے خلاف طاقت کا استعمال، مظاہرین کی گرفتاریاں بھی باعث پریشانی ہیں، عمران خان کی تقاریر اور پریس کانفرنس دکھانے پر پابندی لگائی جاچکی ہے۔ انہوں نے عمران خان کے خلاف وزیر داخلہ رانا ثنا اللہ کے بیانات کا بھی حوالہ دیا کہ رانا ثنا اللہ نے کہا ہے کہ سابق وزیر اعظم عمران خان کو سیاسی میدان سے ختم کر دیا جائے گا۔ کانگریس رہنما نے موقف اپنایا کہ حکام کی جانب سے دو اہم صوبوں میں الیکشن کا التوا جمہوری عمل پر چوٹ ہے، حکومت کو چاہیے کہ وہ سپریم کورٹ کے فیصلے کا احترام کرے اور الیکشن وقت پر کرائے۔ انہوں نے کہا کہ سپریم کورٹ کے ججوں کے پینل کا فیصلہ حتمی ہے تاہم وزیر اعظم شہباز شریف مطالبہ کر رہے ہیں کہ سپریم کورٹ کے تمام ججز مقدمے کی سماعت کریں، یہ معاون ہوگا کہ محکمہ خارجہ کے قانونی ماہرین اس نکتے کو واضح کریں۔ شرمین نے امریکی وزیر خارجہ سے مطالبہ کیا کہ آپ پاکستان پالیسی سے متعلق امریکا کی رہنمائی کریں، جس میں انسانی حقوق کے احترام پر زور ہو۔ پاکستانی افسران سے مطالبہ کرنے کے لیے تمام سفارتی چینلز کو استعمال کیا جائے تاکہ مبینہ خلاف ورزیوں کی تحقیقات کی جائیں اور ذمہ داروں کو انصاف کے کٹہرے میں لایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ یہ یقینی بنایا جائے کہ مظاہرہ کرنے والی سیاسی شخصیات یا شہریوں کو غیر جمہوری نتائج کا شکار نہیں بنایا جائے گا۔ بریڈ شرمین نے کہا کہ پاکستانی امریکن ڈیموکریٹ ڈاکٹر آصف محمود نے ان کی بہترین مشاورت کی جس پر وہ شکر گزار ہیں، ڈاکٹر آصف ہی نے ان کی عمران خان سے فون پر بات کرائی تھی۔

بقیہ | بقیہ جات | 6

نے کہا کہ انٹیلی جنس کی بنیاد پر تین ماہ میں بڑی کامیابیاں حاصل کی ہیں۔ آئی جی سندھ غلام نبی میمن نے ڈاکوؤں کے مبینہ سرپرستوں کو کھلی وارننگ دیتے ہوئے کہا کہ کچے کے ڈاکوؤں کے کچے میں موجود سہولت کاروں کو ٹف ٹائم دیں گے۔ آئی جی سندھ نے کہا کہ آپریشن کیلئے جدید اسلحے کی خریداری کے فنڈز جلد ریلیز ہوں گے۔

بقیہ | بقیہ جات | 7

خزانہ آئی ایم ایف کو واشنگٹن میں سالانہ میٹنگز کے دوران آگاہ کر دیں گے۔ وزارت خزانہ کے ذرائع کے مطابق متحدہ عرب امارات سے ایک ارب ڈالر کی فنانسنگ کے لیے معاملات فائنل ہوچکے ہیں اور یو اے ای حکام کی جانب سے گارنٹی ملتے ہی آئی ایم ایف کو بھی تحریری ضمانت مل جائے گی۔ ذرائع کے مطابق آئی ایم ایف کی شرائط پوری کرنے کیلئے وزیر اعظم آفس اور وزیر خزانہ نے دوست ممالک سے درخواست کی تھی۔

بقیہ | بقیہ جات | 8

ذرائع کے مطابق ان ایس آر اوز کی میعاد ختم ہونے سے 350 سے زائد اشیا سستی ہو جائیں گی۔ ایس آر اوز کی میعاد ختم ہونے سے بندرگاہوں پر پھنسی ہوئی 600 سے زائد گاڑیوں کی کلیئرنس میں بھی مدد ملے گی۔

بقیہ | بقیہ جات | 9

ویژن اور وزیر اعلیٰ پنجاب محسن نقوی کی ہدایت کے مطابق حکومت رمضان المبارک میں شہریوں کو مفت آٹے کا تاریخ ساز ریلیف فراہم کر رہی ہے۔ ضلع بھر میں مجموعی طور پر اٹک مفت آٹا پوائنٹس پر بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام پر رجسٹرڈ 4 لاکھ 87 ہزار 190 گھرانوں کو آٹے کی تقسیم کر کے 93 فیصد ٹارگٹ پورا کر لیا گیا ہے۔ ضلع بھر میں اب تک 13 لاکھ 49 ہزار 104 آٹے کے مفت بیگز تقسیم کیے جا چکے ہیں اور ضلعی انتظامیہ ٹریکنگ پوائنٹس اور کاؤنٹرز پر آٹے کی تقسیم کے تمام ممکنہ انتظامات کو یقینی بنا رہی ہے۔ آٹے کے حصول کیلئے آنے والے ہر مستحق گھرانے کے افراد کو بلا رکاوٹ اور کم از کم وقت میں مفت آٹا فراہم کیا جا رہا ہے۔ مفت آٹا 25 رمضان المبارک تک جاری رہے گا۔

بقیہ | بقیہ جات | 10

ٹاؤن کا قاتل رانا ثنا اللہ بھاگتا ہوا نظر آئے، رانا ثنا اللہ کو پیغام ہے سپریم کورٹ کے حکم پر 14 مئی کو ہم الیکشن کروائیں گے۔ سپریم کورٹ کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے اعظم سواتی نے وکلاء سے کہا کہ رانا ثنا اللہ کو پیغام دے دو سپریم کورٹ کے حکم پر 14 مئی کو ہم الیکشن کروائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ رانا ثنا اللہ تم ایک لات کی مار ہو تمہاری اوقات نہیں ہے وکلاء کے سامنے کھڑے ہونے کی۔ انہوں نے کہا کہ وکلاء آئین اور قانون کے مطابق سپریم کورٹ کے فیصلے پر عملدرآمد کروائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ وکلاء عدالتوں کے ساتھ کھڑے ہیں، ماڈل ٹاؤن کا قاتل رانا ثنا اللہ بھاگتا ہوا نظر آئے۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب الیکشن میں ٹکٹوں کی تقسیم کے لیے ہمارا کپتان لگا ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دو تین دن میں پنجاب کے ٹکٹوں کی تقسیم مکمل ہو جائے گی، اس بار طریقہ کار کے مطابق بڑے لیڈرز کو الگ کر دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں ماضی میں بڑا تلخ تجربہ ملا اس لیے عمران خان خود ہر امیدوار سے انٹرویو کر رہے ہیں اور فیصلہ کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ شہزاد اکبر ہو یا خسرو بختیار ہمارے ماتھے پر کلنک اور بدنما دھبہ ہیں، ہم یقینی بنائیں گے ایسے لوگ ہمارے قریب بھی نہیں آئیں گے۔

بقیہ | بقیہ جات | 11

پی ٹی آئی رہنما فرخ حبیب اور اعجاز احمد کی درخواست پر سماعت کی۔ درخواست گزار کے وکیل نے موقف اختیار کیا کہ سپریم کورٹ کے حکم پر پنجاب میں عام انتخابات ہونے جا رہے ہیں، پنجاب میں 2 حلقوں پر ضمنی انتخابات ہو رہے ہیں، یہ انتخابات 120 روز بعد ہو رہے ہیں۔ عدالت نے کہا کہ پشاور ہائیکورٹ نے تمام ضمنی انتخابات کا شیڈول معطل کر دیا ہے، بار بار الیکشن ہونے سے قومی خزانے کا ضیاع ہو رہا ہے۔ عدالت نے الیکشن کمیشن سمیت دیگر کو جواب جمع کروانے کی ہدایت کرتے ہوئے سماعت 20 اپریل تک ملتوی کر دی۔

بقیہ | بقیہ جات | 12

ہے اور تنویر الیاس اب وزیر اعظم نہیں ہیں لہٰذا وہ درخواست میں وزیر اعظم نہیں لکھ سکتے۔ خیال رہے کہ گزشتہ روز (11 اپریل) آزاد کشمیر ہائی کورٹ کے فل کورٹ بینچ نے وزیر اعظم سردار تنویر الیاس کو توہین عدالت کے الزامات پر اسمبلی رکنیت سے نااہل قرار دے دیا تھا۔ فل کورٹ بینچ کے فیصلے کے بعد سردار تنویر الیاس، وزیر اعظم آزاد کشمیر کے عہدے سے فارغ ہو گئے ہیں اور قانون ساز اسمبلی کو نئے وزیر اعظم کا انتخاب کرنا ہوگا، تاہم سردار تنویر الیاس کو فیصلے کے خلاف سپریم کورٹ آزاد کشمیر میں اپیل کرنے کا حق حاصل ہے۔ بعد ازاں الیکشن کمیشن آزاد کشمیر نے ہائی کورٹ کے فیصلے کی روشنی میں تنویر الیاس کو آزاد جموں و کشمیر قانون ساز اسمبلی کی نشست سے ڈی نوٹیفائی کر دیا تھا۔

بقیہ | بقیہ جات | 13

13 اپریل کو سمرقند میں منعقد ہونے والے افغانستان کے پڑوسی ممالک کے چوتھے اجلاس میں پاکستانی وفد کی قیادت کریں گی۔ بدھ کو دفتر خارجہ کے مطابق افغانستان کے پڑوسی ممالک کے وزارتی اجلاس کے موقع پر وزیر مملکت دیگر شریک وفود کے رہنماؤں کے ساتھ دوطرفہ ملاقاتیں کریں گی۔ افغانستان کے پڑوسی ممالک کا میکنزم 2021 میں پاکستان کے اقدام پر قائم کیا گیا تھا جس کا مقصد افغانستان کی صورتحال پر علاقائی نقطہ نظر کو تیار کرنا ہے۔ پاکستان نے 8 ستمبر 2021 کو ہمسایہ ممالک کے وزرائے خارجہ کے پہلے اجلاس کی میزبانی کی۔ پاکستان نے نومبر 2021 میں ایران کے دارالحکومت تہران میں ہونے والے دوسرے اجلاس اور مارچ 2022 میں چین کے شہر تونشی میں منعقدہ تیسرے اجلاس میں شرکت کی۔ ترجمان دفتر خارجہ نے اپنے بیان میں کہا کہ یہ طریقہ کار افغانستان کے پڑوسی ممالک کے درمیان اتفاق رائے پیدا کرنے میں مدد دے گا جو افغانستان کی صورتحال کے براہ راست اسٹیک ہولڈرز ہیں۔ بیان کے مطابق پاکستان ایک پرامن، مستحکم، خودمختار، خوشحال اور منسلک افغانستان کے مشترکہ مقاصد کو آگے بڑھانے کے لئے تمام کوششوں کی حمایت جاری رکھے گا۔

بقیہ | بقیہ جات | 14

فاروق قائم مقام وزیر اعظم بن گئے۔ خواجہ فاروق نئے وزیر اعظم کے انتخاب تک فرائض سرانجام دیں گے، صدر آزاد کشمیر بیرسٹر سلطان محمود نے دستخط کر کے سمری بھجوا دی۔ دوسری جانب سردار تنویر الیاس نے سپریم کورٹ آزاد کشمیر میں نااہلی کے خلاف اپیل دائر کرنے کا اعلان کیا ہے۔ واضح رہے کہ گزشتہ روز عدالت نے آزاد کشمیر کے وزیر اعظم سردار تنویر الیاس کو عدالت برخاست ہونے تک سزا سنائی اور انہیں کسی بھی پبلک عہدے کے لیے نااہل قرار دیا جبکہ ان کی غیر مشروط معافی کی درخواست بھی مسترد کر دی گئی۔ تنویر الیاس پر تقاریر میں ججوں کے خلاف دھمکی آمیز لہجہ اختیار کرنے کا الزام ہے، آزاد کشمیر کی تاریخ میں پہلی بار کسی وزیر اعظم کو توہین عدالت پر نااہل قرار دیا گیا۔

بقیہ | بقیہ جات | 15

کابینہ نااہل ہوگی، نئی مردم شماری کے مطابق کراچی اور حیدرآباد کی آبادی کا فرق 29 لاکھ رہ گیا ہے جس سے اس کی شفافیت کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے، اس سے کراچی میں قومی اسمبلی کی دو نشستیں کم ہو جائیں گی، ہم کراچی کے عوام کو یقین دلاتے ہیں کہ ایم کیو ایم کے وزیر بک بھی جائیں لیکن ہم آپ کے حقوق کی لڑائی لڑیں گے، گلہ رہا ہے کہ الیکشن کمیشن مسلم لیگ (ن) فنڈنگ کے معاملات کو چھپانا چاہ رہا ہے اور یہ اس لیے سامنے نہیں لانا چاہ رہا ہے کہ اسے انٹرنیشنل میرسٹ آرگنائزیشن سے حصہ ملا ہے اور یہ بہت ہی خطرناک بات ہے، الیکشن کمیشن کو پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ (ن) دونوں کی فنڈنگ کے معاملات سامنے رکھنے چاہیے۔ جے آئی ٹی کی تشکیل کے خلاف دائر درخواست کی پیروی کے لئے لاہور ہائیکورٹ آمد کے موقع پر پارٹی کی مرکزی رہنما مسرت جمشید چیمہ اور دیگر کے ہمراہ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے فواد چوہدری نے کہا کہ توشہ خانہ کا ریکارڈ نہ دیئے جانے کی مذمت کرتے ہیں ہائیکورٹ کے فیصلے کے بعد ڈویژن بنچ نے جب توشہ خانہ کے اوپر امتناعی نہیں دیا تو اس کے بعد ضروری تھا کہ ریکارڈ سامنے لایا جاتا لیکن یہ ریکارڈ اس لئے سامنے نہیں لایا جا رہا اس کی ایک وجہ ہے، مریم نواز کے انٹرویو میں سب سامنے آ گیا ہے کہ کیسے شریف اور زرداری فیملیوں نے توشہ خانہ سے آٹھ آٹھ، دس دس کروڑ کی گاڑیاں مفت لے لیں، اب تو ان بلٹ پروف گاڑیوں کی فی کس قیمت پچیس سے تیس کروڑ سے زیادہ ہوچکی ہیں، خواجہ آصف نے گھڑیاں لی ہیں باقی وزراء نے تحائف لئے ہیں لیکن اس کا ریکارڈ عوام کے سامنے پیش نہیں کیا جا رہا، عمران خان کی ظاہر شدہ گھڑی پر کرمنل کیس بنانے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ اصل بات یہ ہے کہ الیکشن کمیشن بھی اس کا نوٹس نہیں لے رہا، ہم الیکشن کمیشن سے پوچھنا چاہتے ہیں کہ پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ (ن) کی فنڈنگ کے معاملات کہاں گئے ؟ پیپلز پارٹی نے تو لکھا ہے ہمارے پاس کوئی دستاویز نہیں ہے، انہیں صرف تحریک انصاف کی فنڈنگ سے مسئلہ ہے، مسلم لیگ (ن) نے ایک ارب روپے کے لگ بھگ میڈیا مہم پر خرچ کیا وہ پیسہ کہاں سے آیا۔ محترمہ بینظیر بھٹو نے تو الزام عائد کیا تھا کہ یہ فنڈ انہیں اسامہ بن لادن نے دیئے تھے جس کا مطلب ہے کہ مسلم لیگ (ن) نے انٹرنیشنل میرسٹ آرگنائزیشن سے یہ فنڈنگ لی۔ یہ گلہ رہا ہے کہ الیکشن کمیشن مسلم لیگ (ن) فنڈنگ کے معاملات کو چھپانا چاہ رہا ہے اور یہ اس لئے سامنے نہیں لانا چاہ رہا ہے کہ اسے انٹرنیشنل میرسٹ آرگنائزیشن سے حصہ ملا ہے اور یہ بہت ہی خطرناک بات ہے، الیکشن کمیشن کو دونوں کی فنڈنگ کے معاملات سامنے رکھنے چاہیے۔ فواد چوہدری نے کہا کہ ایم کیو ایم کے مطالبے پر جو مردم شماری ہو رہی ہے اس کے مطابق کراچی اور حیدرآباد کی آبادی کا فرق 29 لاکھ رہ گیا ہے، اس مردم شماری پر پینتالیس ارب روپے خرچ کیا گیا ہے کراچی اور حیدرآباد کی مردم شماری کے نتائج سے اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ یہ کتنی شفاف ہے، ایم کیو ایم کی لیڈرشپ کا کراچی کے لوگوں کو احتساب کرنا چاہیے، ان کے پانچ، چھ وڈیروں نے خود کو پیپلز پارٹی کے آگے بیچا ہے اور کراچی کے عوام کے حقوق کو پامال کیا ہے۔ 2017 کی مردم شماری کے حساب سے مردم شماری کے مطابق کراچی میں 20 لاکھ آبادی کم ہوگئی ہے، اگر اس مردم شماری پر گئے تو اس سے کراچی کی قومی اسمبلی کی دو نشستیں کم ہو جائیں گی۔ تحریک انصاف اس کی شدید مذمت کرتی ہے اور ہم کراچی کے عوام کو یقین دلاتے ہیں کہ ہم آپ کے حقوق کی لڑائی لڑیں گے، ایم کیو ایم کے پانچ چھ وزیر بک بھی جائیں ہمیں اس سے کوئی فرق نہیں پڑے گا۔ سندھ تحریک انصاف کا ہے اور وفاقی پارٹی کی حیثیت سے ہم ان تمام اکائیوں اور تمام شہروں کے حقوق کی حفاظت کریں گے۔ فواد چوہدری نے بتایا کہ ہائیکورٹ نے جے آئی ٹی کی تشکیل کے خلاف ہماری درخواست کو باضابطہ سماعت کے لئے منظور کر لیا ہے اور اس میں اٹارنی جنرل اور ایڈووکیٹ جنرل کو سوموار کے روز سے ذاتی حیثیت میں پیش ہونے کیلئے کہہ دیا گیا ہے۔ ہم نے اس کو تین نکات پر چیلنج کیا ہے جس میں یہ کہ تحریک انصاف کے لوگوں پر درج ایف آئی آر میں جو دفعات لگائی گئی ہیں یہ سپریم کورٹ کے سات ممبر بنچ کے فیصلے کے منافی ہے، عمران خان اور کارکنوں پر انسداد دہشتگردی کا کیس نہیں بنتا، دوسرا اس جے آئی ٹی کو غیر آئینی طور پر بنایا گیا ہے، اس کے ساتھ ہم نے زمان پارک کے آپریشن پر قانونی ہونے پر سوال اٹھایا ہے، سوموار کے روز سے اس کی روزانہ کی بنیاد پر سماعت ہوگی۔ انہوں نے وزیر اعظم آزاد کشمیر کے حوالے سے عدالتی فیصلے پر کہا کہ عدالتوں کا ایک پراسس ہوتا ہے جسے ملحوظ رکھنا ضروری ہے، اس فیصلے پر ہمارے تحفظات ہیں، ہمارے قاسم سوری کی رولنگ پر عدالتی فیصلے پر بھی تحفظات تھے لیکن ہم فیصلے مانتے ہیں، ایک ایسے ملک میں جہاں پر آئین ہو ریاست آئین کے ماتحت ہو ہم عدالت کے حکم کو نہیں مانتے تو نظام نہیں چل سکتا، ہم (ن) لیگ اور پیپلز پارٹی تو نہیں کہ ہم سپریم کورٹ اور آئین کو نہیں مانتے، جو ہمارا ہے وہ بھی ہمارا ہے جو آپ کا وہ بھی ہمارا ہے ہم ان دونوں جماعتوں کے برعکس رولز کو پراسس کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ انتخابات نہ کرانے کے حوالے سے عدالت کا جو فیصلہ آیا ہے اس میں کہا گیا تھا کہ وفاقی حکومت فنڈز جاری کرے، فنڈز جاری نہ کرنے پر آرٹیکل 90 کے تحت وزیر اعظم اور کابینہ عدالتی حکم عدولی کے مرتکب ہوں گے اور وزیر اعظم اور کابینہ نااہل ہوگی، دوسرا حکم آئی جی اور چیف سیکرٹری کے لئے تھا کہ وہ سکیورٹی پلان دیں ان کا کہنا نہیں انہوں نے پلان دیا ہے یا نہیں دیا، اگر انہوں نے پلان نہیں دیا تو ان کے خلاف بھی کارروائی ہوگی، ایک حکم سیکرٹری دفاع کے لئے تھا اگر انہوں نے اس پر عمل نہیں کیا تو ان کے خلاف بھی کارروائی ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ دو ہی صورتیں ہیں الیکشن ہوں گے یا وزیر اعظم اور کابینہ گھر جائے گی، اگر سپریم کورٹ اپنے احکامات پر عمل نہیں کرا سکتی تو سپریم کورٹ بطور ادارہ ختم ہو جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ماتحت عدلیہ کے احکامات تو ویسے ہی نہیں مانا جا رہا اس لئے ہمارے لوگ ضمانتیں نہیں کرا رہے، کیونکہ وہ ایک عدالت سے ضمانت کرا کے نکلتے ہیں تو انہیں دوسرے کیس میں پکڑ لیا جاتا ہے ساتھ عدلیہ پر لوگوں کا اعتماد ہی ختم ہو گیا ہے۔ اگر سپریم کورٹ کے احکامات پر عمل نہیں ہوگا تو لوگ سڑکوں پر نکلیں گے اور اپنے حقوق لیں گے۔ انہوں نے کہا کہ اداروں کے درمیان فاصلے بڑھ رہے ہیں، چوہدری اعتزاز احسن، سردار لطیف کھوسہ اور خواجہ طارق رحیم جو سینئر قانون دان ہیں ان کی کال پر وکلاء باہر نکل رہے ہیں، بدھ کے روز بھی سپریم کورٹ کے باہر وکلاء کی بڑی تعداد جمع ہوئی ہے اور آج جمعرات کے روز مزید بڑا اجتماع ہوگا، وکلاء کی تحریک شروع ہونے والی ہے جو ایک ہفتے میں شروع ہو جائے گی۔

بقیہ | بقیہ جات | 16

مدنی مقدمہ علاقہ مجسٹریٹ کو آئندہ سماعت پر ذاتی حیثیت میں طلب کر لیا۔ تھانہ رمنا میں درج بغاوت کا مقدمہ خارج کرنے کی عمران خان کی درخواست پر سماعت اسلام آباد ہائیکورٹ کے چیف جسٹس عامر فاروق نے کی۔ عمران خان کے وکیل فیصل چوہدری نے موقف اپنایا کہ معاملہ لاہور میں ہوا، پرچہ اسلام آباد میں ہوا ہے، واقعہ کہیں اور تو مقدمہ کہیں درج ہوتا ہے، آئندہ سماعت تک مقدمے پر کارروائی یا عمل درآمد روک دیں۔ چیف جسٹس عامر فاروق نے کہا کہ نوٹس کر دیا ہے، جواب آنے دیں پھر دیکھ لیں گے۔ اسلام آباد ہائی کورٹ نے فریقین کو نوٹس جاری کرتے ہوئے کیس کی سماعت ملتوی کر دی۔

بقیہ | بقیہ جات | 17

شروع ہو کر دوپہر 12 بجے ختم ہوگا۔ فلکیاتی حساب کے مطابق سورج گرہن چاند کی 29 تاریخ کو ہوتا ہے اور اگلے روز نیا چاند نظر آتا ہے لہٰذا 20 اپریل کو جن ملکوں میں سورج گرہن دیکھا جائے گا ان ممالک میں نیا چاند قطعی نظر نہیں آئے گا اس لیے پاکستان میں عید الفطر 22 اپریل ہفتے کو ہونے کا امکان ہے۔ ماہرین کے مطابق سورج گرہن کے منفی اثرات کی وجہ سے دنیا کے کئی ملکوں میں موسم بہت خراب ہوگا، آفات، حادثات، زلزلوں، مٹی کا طوفان، آندھی، بے موسم بارشوں و ژالہ باری کا خطرہ ہے۔

بقیہ | بقیہ جات | 18

وزیر اطلاعات فواد چوہدری نے کہا ہے کہ سپریم کورٹ کی 3 ہدایات تھیں، وفاقی حکومت 21 ارب روپے دے گی، چیف سیکرٹری اور آئی جی پنجاب سکیورٹی پلان دیں گے، سیکرٹری دفاع فورسز کی فراہمی یقینی بنائیں گے۔ تحریک انصاف کے رہنما نے کہا ہے کہ سپریم کورٹ کی جانب سے احکامات کے ساتھ عملدرآمد کا طریقہ کار دیا گیا تھا، سپریم کورٹ نے افسران کو براہ راست طلب کیا ہے اور حقائق مانگے ہیں، تمام ادارے اور سربراہان جو آئین کے تحفظ کا حلف اٹھاتے ہیں ان کو مثبت کردار ادا کرنا ہوگا۔

بقیہ | بقیہ جات | 19

بیان پر اپنے ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ عمران خان پاکستان کی تاریخ کا مکار اور جھوٹا ترین شخص ثابت ہوا ہے۔ اب ثاقب نثار قوم سے معافی مانگیں جنہوں نے ایک منافق شخص کو جھوٹا سرٹیفکیٹ دیا، دوسروں کے خلاف جھوٹے پروپیگنڈے کرنے والا آج خود ایکسپوز ہو گیا۔ انہوں نے کہا کہ مریم نواز کے متعلق جھوٹا پروپیگنڈہ کرنے والے شخص کا بھیانک چہرہ آج قوم کے سامنے آچکا ہے۔ عمران خان کو آج قوم سے ایسے ہی ٹی وی پر آکر معافی مانگنی چاہیے جیسے روزانہ قوم سے خطاب کرنے آ جاتے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ نکاح خواں مفتی سعید تحریک انصاف کی کور کمیٹی کے ممبر رہ چکے ہیں وہ آجکل بھی ایک مدرسے کے پرنسپل ہیں۔ انہوں نے عدالت میں اپنا بیان حلفی دیا ہے۔ اب علماء کرام پر بھی لازم ہے کہ وہ عمران خان اور بشریٰ بی بی کے غیر شرعی اور غیر قانونی نکاح پر فتویٰ جاری کریں۔ کتنے افسوس کی بات ہے کہ ایک ایسا شخص پاکستان کا وزیر اعظم رہا ہے جس نے دوران عدت نکاح کیا ہے۔ پھر اسکو عدالت نے صادق وامین کا بھی جھوٹا سرٹیفکیٹ دے دیا۔ اب تحریک انصاف کے ترجمان اپنے لیڈر کی اس شرمناک حرکت پر بھی جھوٹی دلیلیں پیش کریں گے۔

بقیہ | بقیہ جات | 20

ماہانہ پنشن کی ادائیگی بھی عید الفطر سے پہلے کرنے کا فیصلہ کیا گیا اس ضمن میں وزیر اعظم نے سیکرٹری خزانہ کو فوری انتظامات کرنے کی ہدایت کی۔ بعد ازاں وفاقی وزیر اطلاعات مریم اورنگزیب نے تصدیق کی کہ وزیر اعظم شہباز شریف نے سرکاری ملازمین اور پنشنرز کی سہولت کے لئے سرکاری ملازمین کو عید الفطر سے قبل تنخواہ اور ماہانہ پنشن ادا کرنے کی ہدایت کر دی۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے بتایا کہ وزیر اعظم نے وزیر خزانہ اسحاق ڈار کو بدھ کو باضابطہ ہدایت کی ہے، وزیر خزانہ نے وزیر اعظم کی ہدایات پر فوری عمل درآمد کی ہدایت کی ہے۔

بقیہ | بقیہ جات | 21

درخواست پر سماعت کی۔ دوران سماعت فاضل عدالت نے کہا کہ آپ کی درخواست پہلے خارج ہوئی اس پر آپ کیا کہتے ہیں۔ درخواست گزار کے وکیل نے کہا کہ پہلے ان کی جانب سے جواب جمع نہیں کروایا گیا تھا آج عدالت میں ڈی سی اور ڈی جی پی ایچ اے کی جانب سے جواب جمع کروایا گیا ہے۔ سرکاری وکیل نے کہا کہ وہاں پر کیمپس لگا دیئے گئے ہیں جس سے ٹریفک سست روی کا شکار رہتی ہیں، کیمپس لگانے کے لیے نہ ڈی سی سے اور نہ ہی پی ایچ اے سے اجازت لی گئی ہیں، رات گئے تک زمان پارک میں اونچی آواز میں میوزک لگایا جاتا ہے۔ پی ایچ اے کی جگہ گرین ایریا پر کیمپس لگائے گئے ہیں، زمان پارک چار کنٹینرز لگائے گئے اور راستوں میں رکاوٹیں ہیں۔ عدالت میں ڈی سی کے وکیل کی جانب سے رپورٹ جمع کروائی گئی۔ عدالت نے کیس کی سماعت 19 اپریل تک ملتوی کر دی۔ درخواست گزار نے موقف اپنایا کہ عمران خان کے گھر کے اردگرد رکاوٹیں لگا کر سڑکوں اور گلیوں کو بند کر دیا گیا ہے، اہلیان علاقہ ان رکاوٹوں کی وجہ سے پریشان ہیں، اہلیان علاقہ کو آنے جانے میں دشواری کا سامنا ہے، استدعا ہے عدالت زمان پارک کو جانے والے راستوں سے رکاوٹیں ہٹانے کا حکم دے۔

بقیہ | بقیہ جات | 22

سے بدھ کو یہاں پاکستان میں برطانیہ کے قائم مقام ہائی کمشنر اینڈریو ڈیلگیش نے ملاقات کی۔ وزیر اعظم کے معاون خصوصی طارق باجوہ، سپیشل سیکرٹری خزانہ اور فنانس ڈویژن کے دیگر سینئر افسران نے شرکت کی۔ وزیر خزانہ نے قائم مقام برطانوی ہائی کمشنر کا پرتپاک خیر مقدم کیا اور انہیں ملک کی مجموعی اقتصادی صورتحال سے آگاہ کیا۔ وزیر خزانہ نے ہائی کمشنر کو محصولات میں اضافہ اور معاشی استحکام و نمو کے حوالے سے موجودہ حکومت کی عملی پالیسیوں اور پروگراموں سے آگاہ کیا۔ فریقین نے پاکستان سمیت دنیا کی موجودہ کلی معیشت کی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا۔ وزیر خزانہ نے برطانوی ہائی کمشنر کو آئی ایم ایف کے ساتھ مذاکرات میں ہونے والی پیشرفت سے بھی آگاہ کیا۔ ہائی کمشنر نے موجودہ حکومت کی جانب سے اٹھائے جانے والے عملی اقدامات کی تعریف کی۔ انہوں نے سماجی و اقتصادی بحران کو کم کرنے میں برطانوی حکومت کی جانب سے ہر ممکن مدد کی پیشکش بھی کی۔ وزیر خزانہ نے قائم مقام برطانوی ہائی کمشنر کی تعاون کی پیشکش کو سراہا۔

بقیہ | بقیہ جات | 23

نے کہا کہ دہشت اور تشدد والے مناظر ٹی وی پر نہ چلانے کے ضابطہ اخلاق سے متعلق پیمرا آرڈر پر بعض تحفظات سامنے آئے ہیں، اس آرڈر میں دہشت گردی، اس کے بعد کے مناظر، لاشیں، تباہی نہ دکھانے کا کہا گیا ہے، اس حکم کا بنیادی مقصد عوام کو خوف و دہشت سے بچانا ہے۔ ایک ٹوئٹ میں وزیر اطلاعات نے کہا کہ دہشت گردوں کا اصل مقصد اور ہدف عوام میں خوف و ہراس پھیلانا ہی ہوتا ہے، دنیا بھر میں یہ حدود متعین ہیں، ہر ذمہ دار ادارہ اور آرگنائزیشن ان کی پاسداری کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کی کارروائیوں کی کوریج کا ایک عالمی ضابطہ ہے، یہ ملکی قانون کا حصہ ہے۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ پوری دنیا میں ان ضابطوں پر بلا استثنا عمل ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے واقعات کی براہ راست نشریات دکھانے سے دہشت گردوں کو بھی مدد ملتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ آپریشن کے بعد کی حساس معلومات بھی شرپسندوں کو مل جاتی ہیں۔ مریم اورنگزیب نے کہا کہ آزادی اظہار کے حق کو مقدس سمجھتے ہیں، اس حق کے لیے ہم نے ہمیشہ جدوجہد کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ آزادی اظہار رائے پر سمجھوتہ کرتے ہوئے قوانین پر عمل کریں گے۔

بقیہ | بقیہ جات | 24

پنجاب ہاؤسنگ اینڈ ٹاؤن پلاننگ ایجنسی (پھاٹا) کا دورہ کیا، ڈی جی پھاٹا خالد نذیر اور دیگر افسران نے صوبائی وزیر کا استقبال کیا۔ صوبائی وزیر اظفر علی ناصر کی زیر صدارت اجلاس میں محکمہ کی کارکردگی پر بریفنگ دی گئی۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے صوبائی وزیر ہاؤسنگ نے کہا کہ حکومت ہو یا محکمہ عوام کا بھلا ہونا چاہئے۔ صوبائی وزیر نے پھاٹا کی کارکردگی پر عدم اطمینان کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ غفلت اور نا اہلی کی وجہ سے محکمہ بہتر کارکردگی نہیں دکھا سکا۔ پھاٹا کا مقصد کم آمدنی والے افراد کو گھر فراہم کرنا ہے۔ پھاٹا اپنی ذمہ داری ادا کرنے میں ناکام رہا۔ صوبائی وزیر نے ڈی جی پھاٹا کو تمام اضلاع میں جاری سکیموں کا وزٹ کرنے کی ہدایت کی۔ اظفر علی ناصر نے کہا کہ پھاٹا میں خالی اسامیوں پر بھرتی کے عمل کو جلد مکمل کیا جائے اور پھاٹا اپنے بزنس ماڈل کو جدید خطوط پر استوار کرے۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ نیا پاکستان سکیم میں گھروں کی تعمیر کے حوالے سے سوال کا ڈی جی پھاٹا تسلی بخش جواب نہ دے سکے۔ وزیر ہاؤسنگ نے کہا کہ نیا پاکستان ہاؤسنگ پروگرام کیلئے پھاٹا نے مناسب منصوبہ بندی نہیں کی اور ابھی تک عوام کو ایک گھر بھی نہیں ملا۔ صوبائی وزیر نے جاری سکیموں کی ڈویلپمنٹ مقررہ مدت میں مکمل کرنے اور پھاٹا میں بہتری اور اصلاحات کیلئے ورکنگ پیپر دو دن میں تیار کرنے کی ہدایت کی۔ اظفر علی نے تمام ہاؤسنگ سکیموں پر عدالتی مقدمات جلد حل کروانے کا حکم دیا۔ انہوں نے کہا کہ انتہائی افسوسناک بات ہے ماضی کی حکومتوں نے عوامی فلاح کے منصوبوں پر کام نہیں کیا۔ صوبائی وزیر نے گھروں کی قرعہ اندازی کے نظام اور گھروں کے حصول کیلئے اہلیت کا معیار واضح اور شفاف بنانے کی ہدایت بھی کی۔ اجلاس میں پھاٹا کی جانب سے پرائیویٹ سکیموں کی منظوری کے آڈٹ کا فیصلہ کیا گیا۔ وزیر ہاؤسنگ نے کہا کہ تمام منظور شدہ پرائیویٹ ہاؤسنگ سوسائیٹیز کی میرٹ پر سکروٹنی کی جائے اور قانون کے برعکس منظوری دینے والے افسران کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ کرپشن کے خلاف مکمل عدم برداشت کا رویہ رکھا جائے گا اور گزشتہ ادوار میں ہونے والی کرپشن پر تحقیقات کی جائیں گی۔ افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ گزشتہ 5 سالوں میں پھاٹا میں کوئی کام نہیں ہوا۔ پھاٹا میں اصلاحات کی ضرورت ہے۔ جو کام کرے گا وہ رہے گا اور جو کام نہیں کرے گا اسے جانا ہوگا۔ پندرہ پندرہ سال سے پھاٹا کی ہاؤسنگ سکیمیں عدالتی مقدمات کی وجہ سے رکی ہوئی ہیں اور کوئی ایکشن نہیں لیا گیا۔ جتنا بھی وقت ملا ہے آخری منٹ تک کام کریں گے۔

بقیہ | بقیہ جات | 25

کا باعث بننے والے پائرولیسز پلانٹس کے خلاف کریک ڈاؤن کرنے کا فیصلہ کیا گیا، محکمہ تحفظ ماحولیات مقرر کردہ گائیڈ لائنز پر عمل کرنے والے پائرولیسز پلانٹس کا جائزہ لے گا اور تجزیاتی رپورٹ کی روشنی میں ان پلانٹس کے بارے میں فیصلہ کیا جائے گا۔ صوبائی وزیر صنعت و تجارت ایس ایم تنویر نے کہا کہ انسانی زندگیوں کے لئے خطرہ بننے والے پلانٹس بند کرنا ہوں گے، کسی کو بھی ماحولیاتی آلودگی پھیلانے کی اجازت نہیں دی جاسکتی۔ ایس ایم تنویر نے کہا کہ ماحول کو آلودگی سے پاک کرنے کے لئے معاشرے کے ہر فرد کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ چیئرمین آل پاکستان آلٹرنیٹ انرجی ایسوسی ایشن زاہد سعید نے کہا کہ معیار پر پورا اترنے والے پائرولیسز پلانٹس کو ریگولرائز کیا جائے۔ اجلاس میں سیکرٹری محکمہ تحفظ ماحولیات ڈاکٹر ساجد محمود چوہان، ڈی جی نادیہ ثاقب، ڈائریکٹر محمد عامر، صدر لاہور چیمبر کاشف انور اور دیگر نے شرکت کی۔ آل پاکستان آلٹرنیٹ انرجی ایسوسی ایشن کے صدر زاہد سعید اور پائرولیسز پلانٹس کے مالکان بھی اجلاس میں شریک ہوئے۔

بقیہ | بقیہ جات | 26

جون کے پہلے ہفتے تک ملتوی کر دیا۔ واضح رہے کہ سندھ حکومت نے 2011 سے سروسز پر سندھ سیلز ٹیکس عائد کیا تھا جس پر نجی کمپنیوں نے سروسز پر سندھ سیلز ٹیکس کے خلاف کیس دائر کر رکھا ہے۔

بقیہ | بقیہ جات | 27

گلگت بلتستان کی پہلی خاتون شکاری کا اعزاز حاصل کر لیا، محکمہ وائلڈ لائف کے آفیسر شیر زوبی نے کامیاب شکار کی تصدیق کرتے ہوئے بتایا کہ نازیمن امان نے گلگت بلتستان کی پہلی وائلڈ لائف شکاری خاتون ہونے کا اعزاز حاصل کیا ہے۔ ڈاکٹر نازیمن نے کامیاب شکار ہنزہ کے علاقے بطورہ حسینی میں سطح سمندر سے 3500 میٹر کی بلندی پر کیا جس کیلئے شکاری نے ایک لاکھ 80 ہزار روپے ادا کیے، نازیمن اور ان کی ٹیم کو شکار کرنے کیلئے چار دن لگے۔ واضح رہے کہ کنزرویشن ہنٹنگ کے فیس کی 80 فی صد رقم مقامی لوگوں کو ملتی ہے۔

بقیہ | بقیہ جات | 28

ویڈیو لنک کے ذریعے پیشی کی درخواست پر آئندہ سماعت پر ویڈیو لنک کے ذریعے پیشی سے متعلق قانونی نکات پر دلائل طلب کر لیے۔ اسلام آباد ہائی کورٹ نے عمران خان کی ویڈیو لنک کے ذریعے پیشی کی درخواست پر آئندہ سماعت چیف جسٹس عامر فاروق نے کی۔ عدالت نے آئندہ سماعت پر ویڈیو لنک کے ذریعے پیشی سے متعلق قانونی نکات پر دلائل طلب کر لیے۔ دوران سماعت وکیل ابوذر سلمان خان نیازی نے دلائل دیتے ہوئے کہا کہ ویڈیو لنک اور تمام مقدمات میں جوڈیشل کمپلیکس اکٹھے کرنے کی درخواست دی تھی چیف جسٹس نے ریمارکس دیئے کہ کیسز اکٹھے کرنے کا معاملہ تو کیس کورٹ کا دائرہ اختیار بنتا ہے۔ ایڈیشنل اٹارنی جنرل سے عدالت نے استفسار کیا کہ آپ نے بتانا ہے کہ کیا ویڈیو لنک کے ذریعے حاضری کافی ہوتی ہے کیا یہ تمام اسٹیجز پر ویڈیو لنک کے ذریعے حاضری ہوسکتی ہے، جب چارج فریم ہوتا ہے تو ملزم کے دستخط ہوتے ہیں، کیا ویڈیو لنک اس صورت میں ہو سکتا ہے، ہم کیسز میں کس اسٹیج پر ہیں، کیا اس میں ویڈیو لنک حاضری کیا ممکن ہے، ملزم کی موجودگی میں جرح کا مقصد یہ ہوتا ہے کہ ملزم کو پتہ ہو اس کے خلاف کیا ہو رہا ہے، قانون میں تو بہت سی جگہوں پر ذاتی حاضری ضروری ہے، کیا ویڈیو لنک حاضری کے ذریعے اس کا مقصد پورا ہوسکتا ہے، میں عدالتی معاون مقرر کرنا چاہتا ہوں، خواجہ حارث بھی ہیں لیکن وہ بھی ایک طرف سے کیس میں آ رہے ہیں، کوئی نیوٹرل وکیل ہیں تو بتا دیں ان کو عدالتی معاون مقرر کر دیتے ہیں۔ فیصل صدیقی صاحب ہیں ان کو عدالتی معاون مقرر کر سکتے ہیں اب یہ بھی دیکھنا ہوتا ہے کہ وہ پارٹی کی طرف سے پیش تو نہیں ہو رہا، عمران خان کے وکیل نے استدعا کی کہ عدالت آئندہ کیلئے جلدی کی کوئی تاریخ دے دے، عدالت نے ریمارکس دیے کہ بار کی دوسری طرف کی مثالیں بھی موجود ہیں عدالت نے ریمارکس دیتے کیس کی سماعت اٹھارہ اپریل تک ملتوی کر دی۔

بقیہ | بقیہ جات | 29

انسانیت کی خدمت کا مہینہ ہے۔ جے یو آئی سربراہ مولانا فضل الرحمان کی منسٹر انکلیو کی مسجد میں ختم قرآن کی تقریب میں شرکت کی تقریب میں وفاقی وزیر ہاؤسنگ مولانا عبدالواسع، مسلم لیگی رہنما مرتضیٰ جاوید عباسی، قاری سہیل عباسی، خطیب منسٹر انکلیو مفتی امیر زیب اور دیگر نے شرکت کی۔ مولانا فضل الرحمن نے کہا کہ قرآنی تعلیمات پر عمل ہی میں انسانیت کی فلاح ہے، رمضان نزول قرآن اور انسانیت کی خدمت کا مہینہ ہے۔ مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ وطن عزیز کے مسائل کا حل قرآنی نظام میں ہے، دعا ہے کہ اللہ کریم ہمیں قرآن کریم کا حق ادا کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

بقیہ | بقیہ جات | 30

ایم اے کے میٹنگ روم میں اجلاس منعقد ہوا جس میں ڈائریکٹر (ساؤتھ) حمید اللہ ملک کے علاوہ سول ڈیفنس، جنگلات، زراعت، تعلیم، لوکل گورنمنٹ، انڈسٹریز، بی ڈی اے بہاولپور کے افسران، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنرز ریونیو بہاولپور سمیت مختلف اضلاع کے افسران نے بذریعہ ویڈیو لنک شرکت کی۔ اجلاس کے انعقاد کا مقصد موسم گرما کے دوران ہیٹ ویو اور شدید گرمی سے جنگلات میں کسی قسم کی آتشزدگی سے نبرد آزما ہونا تھا۔ ڈی جی پی ڈی ایم اے عمران قریشی نے ہدایت کی کہ متعلقہ ادارے ہیٹ ویو کے مضر اثرات سے بچاؤ اور حفاظتی انتظامات بارے پلان پی ڈی ایم اے کو جمع کروائیں۔ اسی طرح محکمہ تعلیم طالبعلموں کے امتحانی شیڈول سے پی ڈی ایم اے کو آگاہ کرے۔ انہوں نے کہا کہ موسمیاتی تبدیلیوں کی وجہ سے ہیٹ ویو اور گرمی کی شدت میں اضافے کا امکان ہے۔ گرمی کی شدت بڑھنے سے جنگلات میں آتشزدگی کا سامنا بھی کرنا پڑ سکتا ہے۔ ممکنہ خطرات کے پیش نظر محکمہ جنگلات فاریسٹ فائر سے بچاؤ کے لیے خصوصی ٹیمیں تشکیل دے کر جلد از جلد رپورٹ جمع کروائے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کی ہدایت پر ہیٹ ویو سے بچاؤ کے لیے محکمہ صحت سمیت متعلقہ اداروں کو خصوصی ہدایات جاری کی جاچکی ہیں تاکہ انتظامات بروقت مکمل کیے جائیں اور شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنایا جا سکے۔ اس موقع پر ڈائریکٹر (کوآرڈینیشن) پی ڈی ایم اے طارق محمود بخاری نے کہا کہ ہیٹ ویو سے بزرگ شہری اور بچے زیادہ متاثر ہو سکتے ہیں جس سے بچاؤ کے لیے شہریوں کو احتیاطی تدابیر پر عمل پیرا ہونا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ ہیٹ ویو کے مضر اثرات سے بچاؤ اور حفاظتی تدابیر بارے عوام الناس میں موثر آگاہی فراہم کی جائے تاکہ زیادہ سے زیادہ شہریوں کو ہیٹ ویو کے مضر اثرات سے بچایا جا سکے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پی ڈی ایم اے کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے ہمہ وقت تیار ہے۔

بقیہ | بقیہ جات | 31

عمران خان اور بشریٰ بی بی کے نکاح خواں مفتی سعید کیمرے کے پیچھے اور عدالت کے سامنے اپنا بیان ریکارڈ کرایا۔ انہوں نے کہا کہ 62 سال عمر ہے، مدرسے میں پرنسپل ہوں، عمران خان کے ساتھ اچھے تعلقات تھے ان کی کور کمیٹی کا ممبر تھا، یکم جنوری 2018 کو عمران خان نے مجھ سے کال پر رابطہ کر کے کہا میرا نکاح بشریٰ بی بی سے پڑھا دو، نکاح پڑھانے لاہور جانا ہے، وہ مجھے اپنے ساتھ لاہور کے علاقے ڈیفنس کی کوٹھی میں لے گئے۔ مفتی محمد سعید خان نے بتایا کہ بشریٰ بی بی کے ساتھ ایک خاتون نے خود کو بشریٰ بی بی کی بہن ظاہر کیا، خاتون سے میں نے پوچھا کہ کیا بشریٰ بی بی کا نکاح شرعی طور پر ہو سکتا ہے؟ خاتون نے بتایا کہ بشریٰ بی بی کے نکاح کی تمام شرعی شرائط مکمل ہیں، اور دونوں کا نکاح شرعی پڑھایا جاسکتا ہے۔ مفتی محمد سعید خان نے بیان میں کہا کہ یکم جنوری 2018 کو خاتون کی یقین دہانی پر عمران خان اور بشریٰ بی بی کا نکاح پڑھا دیا، نکاح کے بعد عمران خان اور بشریٰ بی بی اسلام آباد میں ساتھ رہنے لگے۔ عمران خان نے مجھ سے فروری 2018 کو دوبارہ رابطہ کر کے درخواست کی کہ بشریٰ بی بی سے دوبارہ نکاح پڑھانا ہے، انہوں نے کہا کہ پہلے نکاح کے وقت بشریٰ بی بی کا عدت کا دورانیہ مکمل نہیں ہوا تھا، کیونکہ نومبر 2017 میں بشریٰ بی بی کو طلاق ہوئی، عمران خان نے بتایا کہ پہلا نکاح غیر شرعی تھا۔ مفتی محمد سعید خان کا کہنا تھا کہ عمران خان اور بشریٰ بی بی نے سب جانتے ہوئے نکاح اور شادی کی تقریب منعقد کی، عمران خان نے مجھے بتایا کہ بشریٰ بی بی سے نکاح کرنے پر پیشگوئی تھی کہ وہ وزیر اعظم بن جائیں گے۔ نکاح خواں نے مزید کہا کہ رمضان المبارک کا چوتھا دن تھا، تراویح کے بعد درخواست گزار محمد حنیف میرے پاس آئے، جن سے میرے تعلقات دوستانہ ہیں، انہوں نے مجھ سے عمران خان اور بشریٰ بی بی کی شادی کے حوالے سے پوچھا، تو میں نے انہیں بتا دیا۔ عدالت نے کیس کی مزید سماعت 19 اپریل تک کے لئے ملتوی کر دی۔

بقیہ | بقیہ جات | 32

ہے۔ بدھ کو جسٹس قاضی فائز عیسیٰ کی سربراہی میں دو رکنی بینچ نے سماعت کی۔ دوران سماعت جسٹس قاضی فائز عیسیٰ نے تفتیشی سے مکالمہ کیا کہ انکوائری مکمل نہیں تو عدالت کیوں آئے ہیں، جسٹس قاضی فائز عیسیٰ نے کہا کہ آپ کی کتنی تنخواہ ہے۔ تفتیشی افسر نے کہا کہ حکومت ایک لاکھ تنخواہ دیتی ہے۔ جسٹس قاضی فائز عیسیٰ نے کہا کہ حکومت نہیں عوام پر تنخواہ ادا کرتی ہے، عوام نے پیسوں کی تجوریاں نہیں بھر رکھیں، ملزم پانچ ماہ سے جیل میں ہے۔ جسٹس قاضی فائز عیسیٰ نے استفسار کیا کہ ملزم کو کس جرم میں گرفتار کیا اسکی سزا کتنی ہے؟ تفتیشی افسر محمد فیصل نے کہا کہ ملزم کے جرم کی سزا تین سال ہے۔ جسٹس قاضی فائز عیسیٰ نے کہا کہ پانچ ماہ سے ایک شخص اندر ہے تو انکوائری مکمل کیوں نہیں ہوئی۔ عدالت نے ملزم اویس مہدی کی ایک لاکھ مچلکوں کے عوض ضمانت منظور کر لی۔ ملزم اویس مہدی پر چیک باؤنس کے دو مقدمات لاہور میں درج ہیں۔

بقیہ | بقیہ جات | 33

جاری کرتے ہوئے (کل) جمعہ 14 اپریل کو طلب کر لیا۔ بدھ کو پنجاب میں انتخابات کیلئے فنڈز کی فراہمی کے معاملے پر چیف جسٹس کی زیر سربراہی بینچ نے مقدمے کی سماعت کی۔ دوران سماعت انتخابات کے لیے فنڈز کی عدم فراہمی پر عدالت نے سیکرٹری خزانہ، سیکرٹری الیکشن کمیشن، اٹارنی جنرل اور گورنر اسٹیٹ بینک کو نوٹس جاری کر دیئے۔ عدالت کے نوٹس میں کہا گیا کہ الیکشن کمیشن کی رپورٹ کے مطابق وفاقی حکومت نے فنڈز فراہم نہیں کیے اور فنڈز کی عدم فراہمی عدالتی احکامات کی حکم عدولی ہے جس کے نتائج قانون میں واضح ہیں۔ عدالت نے اپنے نوٹس میں کہا کہ الیکشن کیلئے فنڈز کی فراہمی توہین عدالت کی کارروائی سے زیادہ اہم ہے۔ یاد رہے کہ گزشتہ روز الیکشن کمیشن آف پاکستان نے انتخابات کیلئے 21 ارب روپے کے اجرا کے حوالے سے رپورٹ سپریم کورٹ میں جمع کرادی جس میں کہا گیا کہ حکومت مذکورہ فنڈز جاری کرنے سے کترا رہی ہے جبکہ وفاقی حکومت عدالت عظمیٰ کے 14 مئی کو انتخابات کرانے کے فیصلے پر عمل نہ کرنے کے لیے مواقع تلاش کر رہی ہے۔ سپریم کورٹ نے گورنر اسٹیٹ بینک کو دستیاب وسائل سے متعلق تمام تفصیلات بھی ہمراہ لانے کا حکم دیا جبکہ سیکرٹری خزانہ کو بھی تمام ریکارڈ ساتھ لانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا گیا کہ بتایا جائے کہ سپریم کورٹ کے احکامات پر عمل کیوں نہیں کیا گیا

بقیہ | بقیہ جات | 34

فکر کے علماء اور پوری قوم اپنا کردار ادا کرے، عالمی طاقتیں نت نئی سازشی تھیوریاں گھڑی جارہی ہیں ان سازشوں کو بے نقاب کرنے کے لیے متحد ہونے کا وقت ہے، عالمی طاقتیں افغانستان میں اپنی شکست کا بدلہ پاکستان سے لے رہی ہیں ارباب اقتدار مذمتی بیان اور کسی تنظیم کو کارستانی قرار دینے سے اپنے آپ کو بری الذمہ نہیں کر سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آئے روز دہشت گردی، اندوہناک اور وحشت ناک واقعات میں قوم جنازوں اٹھانے سے تھک کر ہار چکے، دشمن قوتیں مسلسل بدامنی اور عدم استحکام سے اپنی دھونس اور اجارہ داری قائم کرنے سے مسلمان کے سیاسی، معاشی استحصال کر رہی ہیں ان نازک حالات پر سنجیدگی کی بجائے بدقسمتی سے حکمران اقتدار کی جنگ میں مصروف ہے۔ دہشتگردوں اور ان کے سہولت کاروں کے خاتمے کیلئے پوری قوم متحدہ ہو کر سکیورٹی اداروں کا ساتھ دے۔

بقیہ | بقیہ جات | 35

سیاسی عدم استحکام، چوروں کو کھلی چھٹی دینے کا سال ثابت ہوا ہے، پاکستان جس کے معاشی زاویے اونچائی کی طرف عمران خان کے دور میں جا رہے تھے، فارن ریزرو 19 ارب ڈالر کے تھے آج ایک سال میں معاشی لحاظ سے نچلی سطح پر آ گیا ہے۔ فارن ریزرو صرف 2 ارب ڈالر پر موجود ہیں وہ بھی سعودی عرب، چین اور یو اے ای سے مانگے تانگے ہیں۔ آئی ایم ایف کے سامنے گھٹنے ٹیکنے کیلئے بالکل لیٹ گئے ہیں لیکن پھر بھی دنیا آپ کی بات پر اعتبار کرنے کو تیار نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ پی ڈی ایم ٹولے کے پاس عوام کی فلاح بہبود کا کوئی منصوبہ نہیں ایک سال میں تاریخی مہنگائی کر کے امپورٹڈ حکومت نے عالمی ریکارڈ قائم کر دیا ہے، عوام نااہل حکومت سے نجات کیلئے جھولیاں اٹھا اٹھا کر بددعائیں کر رہے ہیں۔

بقیہ | بقیہ جات | 36

کرنے کے لئے غیر قانونی ہتھکنڈے استعمال کر کے اپنے آقاؤں کو خوش کر رہے ہیں لیکن وہ بری طرح ناکام ہو چکے ہیں جن طاقتوں نے انہیں پاکستانی قوم پر مسلط کیا ان کے لیے بھی اب وہ قابل اعتماد نہیں رہے اور نہ ہی پاکستانی عوام ان پر اعتماد کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ عام انتخابات میں عمران خان عوام کے ووٹ سے نہیں بلکہ نادیدہ قوتوں کی طرف سے مسلط کیے گئے تھے ان کا مقصد ملک کی معیشت اور آئین کو تباہ کرنا تھا لیکن پی ڈی ایم کی قیادت نے وطن عزیز کو مکمل تباہی سے بچا کر ملک دشمن عناصر کے عزائم کو خاک میں ملا دیا۔

بقیہ | بقیہ جات | 37

جمیل، واجد امیر اپنا کلام پیش کریں گے۔ ناصر بشیر، حمیدہ شاہین، صائمہ آفتاب، سلطان محمود، عبدالرزاق ایاز اور محمد سلیم ساگر بھی مشاعرہ کی زینت بنیں گے۔ ایگزیکٹو ڈائریکٹر لاہور آرٹس کونسل الحمرا محمد سلیم ساگر نے الحمرا میں مشاعروں کے ماہانہ انعقاد کے حوالے سے اپنے تاثرات میں کہا ہے کہ زبان وادب کے فروغ کے لئے الحمرا ہر ماہ مشاعرہ منعقد کرے گا، شاعری اپنی تہذیبی روایات کو محفوظ رکھنے کا ذریعہ ہے، مشاعرہ شعراء اور اہل قلم کی حوصلہ افزائی کی کوشش ہے، نئی نسل کا اپنی احسن اقدار سے جڑے ہونا خوش آئند ہے۔ محمد سلیم ساگر نے کہا کہ ہمارے سماج میں ادب کے لئے بے حد ذوق ہے، اچھے شعر پر شاعر کی تحسین کی جاتی ہے، مشاعرے میل جول اور رابطہ کا باعث ہیں۔

بقیہ | بقیہ جات | 38

وقتی طور پر چیئرمین نیشنل پریس ٹرسٹ تعینات کر دیا ہے۔ سعید احمد شیخ چیئرمین نیشنل پریس ٹرسٹ کی باقاعدہ طور پر تعیناتی تک خدمات انجام دیں گے۔ صدر مملکت نے سابق چیئرمین منیر احمد خان کو نااہلی اور عوامی فنڈز میں بے ضابطگیوں پر عہدے سے ہٹانے کی بھی منظوری دی ہے۔ صدر ڈاکٹر عارف علوی نے چیئرمین نیشنل پریس ٹرسٹ کے عہدے کیلئے ایم پی ون اسکیل کی بھی منظوری دی۔ صدر مملکت نے یہ منظوریاں نیشنل پریس ٹرسٹ (چیئرمین کی تعیناتی) ایکٹ 1972 کے تحت دی ہیں۔

بقیہ | بقیہ جات | 39

منع کرنے پر اس نے اسلحہ تان کر ہراساں کیا۔ پولیس اہلکار نے انتظامی عملے کے پہنچنے پر ان پر بھی اسلحہ تان لیا۔ پولیس کا کہنا ہے کہ ڈاکٹر اسد منظور کی مدعیت میں اہلکار کے خلاف مقدمہ درج کر کے کارروائی کا آغاز کر دیا گیا۔

بقیہ | بقیہ جات | 40

تیز رفتار موٹر سائیکلوں کے تصادم میں 8 سالہ بچی زاہدہ بی بی جاں بحق اور خاتون سمیت چار افراد راحیل، مسرت بی بی، منصور، حیات شدید زخمی ہو گئے۔ جن میں دو کو تشویشناک حالت میں ڈی ایچ کیو ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ جبکہ سرگودھا خوشاب روڈ پر شاہ پور کے علاقہ بھکر بار میں پٹرول سے لوڈ آئل ٹینکر میں تیل ایجنسی پر منتقلی کے دوران اچانک آگ بھڑک اٹھنے سے نوجوان عاصم بری طرح جھلس کر جاں بحق ہو گیا۔

بقیہ | بقیہ جات | 41

شہروں میں مردم شماری کا صرف 3٪ سے بھی کم فیلڈ ورک رہ گیا ہے۔ بلوچستان کے دیگر چند شہر، پنجاب میں 99 فیصد، سندھ میں 98 فیصد، اسلام آباد میں 90 فیصد اور بلوچستان میں 82 فیصد سے زائد مردم شماری کا فیلڈ ورک مکمل ہوچکا ہے جبکہ کے پی اور اے جے کے میں مردم شماری کا کام تقریباً مکمل ہو چکا ہے۔ ملک بھر کے 156 اضلاع میں سے 131 اضلاع میں مردم شماری کا کام 100 فیصد مکمل کر لیا گیا ہے جبکہ باقی 25 اضلاع میں مردم شماری کا 70 سے 80 فیصد کام مکمل ہو چکا ہے اور کام جاری ہے۔ یہ بتانا مناسب ہے کہ کچھ مکمل شدہ بلاکس جو آف لائن زون میں آتے ہیں کے ڈیٹا کی مطابقت پذیری کے بعد کام کی تکمیل کا فیصد تھوڑا سا بڑھ سکتا ہے۔ ملک بھر میں مردم شماری کا کام 97 فیصد سے زائد مکمل ہونا ایک تاریخی کارنامہ ہے اور یہ خوشحال پاکستان کے لیے نئے دور کی راہ ہموار کرے گا۔ مردم شماری کے بچ جانے والے کام کو مکمل کرنے اور مکمل کوریج کو یقینی بنانے کے لیے، شہروں کی تحصیلات کے ساتھ ساتھ باقی کام کو مکمل کرنے کے لیے درکار اضافی وقت کے لیے صوبائی حکومتوں سے درخواست کی گئی تھی کہ مردم شماری کے آپریشن کو حسب ضرورت بنیادوں پر صرف ان شہروں کے لیے بڑھایا جائے جہاں مردم شماری کا کام ابھی تک مکمل ہونا باقی ہے۔ اسی مناسبت سے، چیف مردم شماری کمشنر نے 15 اپریل 2023 تک 100 فیصد کوریج کو یقینی بنانے کے لیے مردم شماری کے باقی کام کو مکمل کرنے کی تاریخ میں توسیع کر دی ہے صرف اسلام آباد، راولپنڈی، لاہور، کوئٹہ، گلگت اور کراچی کے لیے یا صوبائی حکومت کے طور پر، سندھ اسے مناسب سمجھتا ہے۔ ان بڑے شہروں کے علاوہ بلوچستان کے 13 شہروں میں بھی مردم شماری کی تاریخ میں توسیع کر دی گئی۔ اگر شمار کنندگان کی طرف سے ان کا دورہ نہیں کیا گیا ہے تو، پاکستان کے شہریوں سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ ٹول فری نمبر 0800-57574 استعمال کرتے ہوئے PBS کو مطلع کریں جو 24/7 فعال رہے گا۔ کوریج نہ ہونے کی شکایات کے لیے شہری اپنا مکمل پتہ 9727 پر ایس ایم ایس کے ذریعے بھی بھیج سکتے ہیں۔ وہ پی بی ایس کے ریجنل دفاتر یا تحصیل کی سطح پر قائم 495 مردم شماری سپورٹ سنٹرز سے بھی رابطہ کر سکتے ہیں یا کوریج نہ ہونے کے بارے میں اپنی شکایات درج کروا سکتے ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ، کمپیوٹر اسسٹڈ ٹیلی فونک انٹرویو (CATI) کا استعمال کرتے ہوئے پوسٹ انیومریشن سروے کے ذریعے ڈیٹا کے معیار کو یقینی بنایا جا رہا ہے۔

بقیہ | بقیہ جات | 42

سارہ احمد نے مزید کہا کہ چائلڈ پروٹیکشن اینڈ ویلفیئر بیورو نے سٹریٹ چلڈرن کی فلاح و بہبود کیلئے بڑھ چڑھ کر کام کیا ہے اور یہ ادارہ سٹریٹ چلڈرن کے لیے ایک محفوظ اور مہربان پناہ گاہ ہے۔

بقیہ | بقیہ جات | 43

مشاورت بھی کر رہا ہوں تاکہ شہر کے دیرینہ مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ رمضان المبارک کی سحری عوام کے درمیان کرنے سے ان کے مسائل سے آگاہی ملتی ہے اور اس وقت شہر کے مسائل بہت گھمبیر دکھائی دیتے ہیں جس کے حل کے لئے سب کو اپنا اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ ڈاکٹر عاصم نے کہا کہ گورنر سندھ کی کاوشیں لائق تحسین ہیں شہر کے مسائل کے حل کے لئے تمام اسٹیک ہولڈرز کو ایک پلیٹ فارم پر جمع کرنا خوش آئند بات ہے۔

بقیہ | بقیہ جات | 44

اشیاء کی پروڈکشن اور فروخت پر بیکری اور اس کے پروڈکشن یونٹ کو جرمانہ کیا گیا ہے۔ پنجاب فوڈ اتھارٹی کے مطابق پیرودھائی اڈے پر بھی غیر معیاری اشیاء کے حوالے سے شکایات موصول ہوئی تھیں۔ پنجاب فوڈ اتھارٹی کے مطابق اڈے میں صفائی کے ناقص انتظامات، ملاوٹی دودھ اور غیر معیاری اشیاء کی فروخت پر ایکشن لیا گیا ہے۔

بقیہ | بقیہ جات | 45

اسلامی میں شامل رہے تاہم بعض اختلافات کے باعث وہ جماعت اسلامی سے علیحدہ ہو گئے اور انہوں نے تنظیم اسلامی قائم کر لی۔ ڈاکٹر اسرار احمد جنرل ضیاء الحق کی مجلس شوریٰ کے ممبر بھی رہے۔ ڈاکٹر اسرار احمد ایک معروف اسلامی سکالر اور مبلغ تھے انہوں نے قرآن پاک کی تفسیر، سیرت نبویؐ پر سو سے زائد کتب تصنیف کیں بحیثیت مقرر انہوں نے سینکڑوں لیکچر دیے حکومت پاکستان نے ان کی خدمات کے اعتراف میں انہیں ستارہ امتیاز سے بھی نوازا۔ ڈاکٹر اسرار احمد 14 اپریل 2010 کو 78 برس کی عمر میں اس جہان فانی سے رخصت ہو گئے۔

بقیہ | بقیہ جات | 46

کے انبار ہیں، یہاں جتنے بھی مسائل بتائے گئے ہیں، ان سے متعلقہ اداروں کو آگاہ کروں گا۔ انہوں نے کہا کہ پانی کا مسئلہ پورے شہر کا ہے، اس لیے ایم ڈی واٹر بورڈ سے کوآرڈینیشن کے لئے کہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ شہر کی تعمیر و ترقی کے لئے اسٹیک ہولڈرز سے رابطہ کا سلسلہ شروع کیا تھا، میری ہر بات پر اعتراض کرنے والوں سے کہتا ہوں کہ عوام میں آئیں، جب عوام میں آئیں گے تو انہیں ان کے مسائل کا اندازہ ہوگا، تنقید کرنے والے اپنا کام کریں، میں عوام میں جانا نہیں چھوڑوں گا۔ بعد ازاں گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری جامعہ الصفہ بلدیہ ٹاؤن گئے اور جامعہ الصفہ میں تقسیم راشن کی تقریب میں شرکت کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے گورنر سندھ نے کہا کہ مہنگائی کے دور میں مستحقین کے لئے اس طرح کی تقریب کا انعقاد قابل تحسین ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ مہنگائی کے اس دور میں عوام کو تنہا نہیں چھوڑیں گے، موجودہ حکومت کی کوشش ہے کہ غریب لوگوں کو زیادہ سے زیادہ ریلیف فراہم کیا جائے اس ضمن میں مخیر حضرات سے اپیل ہے کہ وہ بھی اپنا کردار ادا کریں۔ انہوں نے کہا کہ ایسا انتظام بنانے کی کوشش کر رہے ہیں کہ جس سے غریب طبقہ کی پریشانیوں میں کمی واقع ہو، حکومت کی توجہ روزگار کے مواقع پیدا کرنے کی طرف مرکوز ہے۔

بقیہ | بقیہ جات | 47

نے منشیات فروشی کے مقدمہ میں ملوث مجرم مشتاق الیاس کو 4 سال قید اور 20 ہزار روپے جرمانے کی سزا کا حکم سنایا ہے۔ عدم ادائیگی پر مجرم کو مزید قید کی سزا بھگتنا ہوگی۔ ارباب اختیار سے مطالبہ کیا ہے کہ ضلع بھر میں کھلا پٹرول فروخت کرنے اور گیس کی ری فلنگ کرنے والوں کے خلاف موثر کارروائی عمل میں لائی جائے اور کھلا پٹرول فروخت کرنے والوں سے نذرانہ وصول کرنے والے پولیس اہلکاروں اور سول ڈیفنس کے عملہ کے خلاف بھی محکمانہ کارروائی عمل میں لائی جائے۔

بقیہ | بقیہ جات | 48

2023 میں گاڑیوں کی فروخت کا موازنہ پچھلے سال کے اسی مہینے سے کیا جائے تو اس میں 66 فیصد کمی ہوئی، مارچ 2022 میں 27 ہزار 202 گاڑیاں فروخت ہوئی تھیں۔ پاکستان آٹوموٹیو مینوفیکچررز (پاما) کی جانب سے جاری اعداد و شمار کے مطابق مارچ میں ٹرک کی فروخت 46 فیصد گر کر 279 یونٹس رہ گئی، فروری میں یہ تعداد 521 تھی جبکہ مارچ 2022 میں 500 ٹرک فروخت ہوئے تھے۔

بقیہ | بقیہ جات | 49

سجاد اسلم سے ڈیڑھ لاکھ روپے، فون، 9 ج ب کے قریب منصور آباد سے موٹر سائیکل، نقدی، فون، غازی آباد کے قریب تاج دین سے طلائی انگوٹھی، چین اور موبائل فون، نظر کالونی کے عمر حیات سے تیس ہزار روپے، فون، محسن چوک کے رزاق سے 22 ہزار، رحمان آباد کے قریب رحمان علی سے 56 ہزار، موٹر سائیکل، فون، گلشن آباد کے قریب عرفان، الائیڈ موڑ پر طارق علی سے نقدی، فون، لاثانی پل کے قریب مبارک علی، نشاط آباد پل کے قریب ناصر محمود، فون، گلشن کالونی کے عامر اقبال سے موٹر سائیکل، نقدی، ناصر نگر سے شاہد عمار، کہکشاں کالونی سے عمران سے موٹر سائیکل، نقدی اور دیگر وارداتوں میں درجنوں شہریوں سے زیورات، نقدی، موبائل فون اور دیگر قیمتی سامان لوٹ لیا گیا جبکہ مفت آٹا کے لیے آئے اقبال سٹیڈیم سے غفران، فیض حسین، ظہور، محمد راشد، ندیم، بابا کی سٹیڈیم سے شفاقت علی، محمد سجان، ندیم، عرفان، مسیح، الائیڈ ہسپتال سے وقاص، کارخانہ بازار سے رحمان علی، انار کلی بازار سے اکرم، ضلع کچہری سے آصف، عامر بشیر، جناح کالونی سے حماد، نصیر، بڑا قبرستان سے احمد علی، گمٹی سے سلیمان، راجہ چوک سے محمد علی، صدر بازار سے طاہر، رحمت ٹاؤن سے امین، سبزی منڈی، غلام محمد آباد سے عباس علی، فرید چوک سے نصیر احمد، کوہ نور والے عرفان، رضا آباد کے علی رضا، 7 ج ب کے نعیم، 100 ج ب کے جنید، ارشد، مبارک پورہ سے شہزاد، جوہر کالونی کے جنیم، 190 رب کے وقاص، اپیلز کالونی کے اشفاق، گلشن کالونی سے نعمان سرور، غوثیہ دربار کے عابد علی، انوار بازار سے عامر علی، کشمیر چوک کے زاہد، بشیر، محمد علی ٹاؤن سے عثمان حیدر، دلگیر پورہ سے عمران، شہزاد اور دیگر متعدد افراد کی موٹر سائیکلیں چوری ہو گئیں۔

بقیہ | بقیہ جات | 50

خریداری پر پابندی عائد کر دی گئی ہے۔ امسال سرگودھا ڈویژن میں 30 من فی ایکڑ پیداوار متوقع ہونے پر ضلع سرگودھا کے 13 مراکز پر 96 ہزار میٹرک ٹن، ضلع بھکر کے 14 سنٹرز پر 1 لاکھ 10 ہزار میٹرک ٹن، ضلع میانوالی کے 6 سنٹرز پر 60 ہزار میٹرک ٹن اور ضلع خوشاب کے 3 سنٹرز پر 20 ہزار میٹرک ٹن گندم خریدی جائے گی جس کے لئے کاشتکاروں کو 28 لاکھ 22 ہزار باردانہ تقسیم کیا جا رہا ہے۔ باردانہ پہلے آؤ پہلے پاؤ کی بنیاد پر تقسیم ہوگا اور حکام کا کہنا ہے کہ حکومتی ہدایات پر کاشتکاروں سے گندم کا ایک ایک دانہ خریدا جائیگا ضرورت پڑنے پر ٹارگٹ سے زائد گندم کی خریداری کی جاسکے گی۔ اس سلسلہ میں تمام خریداری مراکز پر گندم 39 سو روپے فی من اور 60 روپے فی بوری ڈیلیوری کے حساب سے خرید کی جائے گی۔ اور بروقت رقوم کی ادائیگی کو یقینی بنایا جائے گا۔

بقیہ | بقیہ جات | 51

ایف کے کمانڈر نے گرفتار دہشت گردوں کو 5 دستی بم اور 80 ہزار روپے فراہم کیے تھے جس میں سے پولیس نے 4 دستی بم اور اسلحہ برآمد کر لیا ہے۔ ایس ایس پی نے انکشاف کیا کہ گرفتار دہشت گرد چینی باشندوں کو نشانہ بنانا چاہتے تھے جبکہ 26 اپریل کو خود کش بمبار خاتون شاری بلوچ کی برسی پر دہشت گردی کا منصوبہ بنایا ہوا تھا، گرفتار ملزمان سے مزید تفتیش جاری ہے۔

بقیہ | بقیہ جات | 52

پاکستان اور نیپال کے درمیان مختلف شعبوں میں تعاون بڑھانے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں دونوں ممالک کے درمیان تاریخی تعلقات پر بھی گفتگو ہوئی

بقیہ | بقیہ جات | 53

دے یا بچوں کو پڑھانا چھوڑ دے کیونکہ دونوں چیزیں ایک ساتھ تو ممکن نہیں رہیں۔ والدین کے علاوہ بڑھتی ہوئی مہنگائی سے دکان دار بھی پریشان ہیں، پین، پنسل ہو یا پاؤچ اور جیومیٹریاں، سب کی قیمت آسمان پر پہنچ چکی ہیں۔

بقیہ | بقیہ جات | 54

سے سپریم کورٹ پریکٹس اینڈ پروسیجر بل منظور ہو کر ایکٹ بن چکا۔ درخواست میں موقف اختیار کیا گیا کہ ایکٹ کے سیکشن 4 کے ذریعے سوموٹو فیصلے کے خلاف اپیل کا حق دیا گیا۔ سوموٹو کے فیصلے کے خلاف اپیل کا حق دینا آرٹیکل 184 اور 185 کے منافی ہے، اپیل کا حق صرف آئین کے آرٹیکل 184 اور 185 میں ترمیم کر کے ہی دیا جا سکتا ہے۔ درخواست میں استدعا کی گئی کہ سپریم کورٹ پریکٹس اینڈ پروسیجر ایکٹ کے سیکشن 4 کو کالعدم قرار دے۔ درخواست کے حتمی فیصلے تک سیکشن 4 پر عملدرآمد روکا جائے۔ وفاقی حکومت سے آئین کی خلاف ورزی پر جواب طلب کیا جائے۔

بقیہ | بقیہ جات | 55

کے مطابق درخواست کے ساتھ ڈی جی خان ہسپتال کی رپورٹس لگائی گئیں، احتساب عدالت کے جج شیخ سجاد نے تحریری حکم جاری کیا۔

بقیہ | بقیہ جات | 56

بڑی مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے جبکہ گیس کے بل بھی معمول کے مطابق آرہے ہیں۔ شہریوں کے مطابق حکومت سندھ وفاق سے رابطہ کر کے گیس کی بلاتعطل فراہمی کے لیے اپنا کردار ادا کرے۔

بقیہ | بقیہ جات | 57

ایک ٹیسٹ مثبت آیا اور وہاں پر مثبت کیسز کی شرح 78,0 فیصد رہی، گوجرانوالہ میں 354 ٹیسٹ کئے گئے جن میں سے ایک ٹیسٹ مثبت آیا اور وہاں پر مثبت کیسوں کی شرح 28,0 فیصد رہی جبکہ اسلام آباد میں 269 ٹیسٹوں میں سے 2 ٹیسٹ مثبت آئے اور شرح 74,0 فیصد رہی۔

بقیہ | بقیہ جات | 58

آج ہم آئی ایم ایف اور عالمی طاقتوں کے سامنے جھک رہے ہیں اس کا علاج جرات حیدری میں ہے، شیعہ سنی برادران مل کر دشمن کی سازش ناکام بنائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کا علاج نیشنل ایکشن پلان پر عمل ہونا چاہیے۔ حسین مقدسی نے بلوچستان میں دہشت گردی کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ مسجد اقصیٰ کی بے حرمتی تشویشناک ہے، 23 رمضان کو یوم القدس حمایت مظلومین منائیں گے۔ آغا موسوی نے 40 سال پہلے کہا تھا کہ دہشت گرد کا کوئی مسلک نہیں ہم نے اپنے مشاہیر کو فراموش کر دیا، علامہ حسین مقدسی نے کہا کہ کالعدم جماعتیں حکومت اپوزیشن امن کمیٹیاں ہر جگہ موجود ہیں، دہشت گردی کا خاتمہ اس وقت تک ممکن نہیں جب تک دہشت گردی کی مرتکب جماعتوں سے نہ نمٹا جائے، تمام ملکی مسائل کی بنیادی وجہ آئین سے انحراف ہے پاکستان کا امن اور آئین ہوگا تو سیاست ہوگی، سیاستدان آئین اور امن پامال نہ کریں۔

بقیہ | بقیہ جات | 59

فوکل پرسن ڈیش بورڈ کا استعمال ہی نہیں کر رہے، بار بار مطلع کرنے کے باوجود محکموں کی جانب سے غیر سنجیدگی کا مظاہرہ دیکھنے میں آ رہا ہے۔

بقیہ | بقیہ جات | 60

کی جا رہی تھی کہ اچانک گیس لیک ہونے کے باعث سلنڈر پھٹ گیا اور دکان میں آگ بھڑک اٹھی اور وہاں پر موجود گاہکوں میں بھگدڑ مچ گئی اور آگ کی لپیٹ میں آ کر مانانوالہ کا 48 سالہ جاوید ولد اللہ دتہ اور جھنگ روڈ فیصل والا کا 32 سالہ محمد سلیم بری طرح جھلس گئے۔

بقیہ | بقیہ جات | 61

طلبا و طالبات ٹریننگ لیتے ہیں، ان کو باقاعدہ تھیوری پڑھائی جاتی اور ٹریفک قوانین کے متعلق مکمل آگاہی دی جاتی ہے اور ڈرائیونگ کے متعلق تمام سکلز کی تھیوری پڑھائی جاتی ہے۔

بقیہ | بقیہ جات | 62

میں فروخت کی جا رہی ہے۔ کوکنگ آئل 578 روپے فی کلو سے 626 روپے فی کلو بکنے لگا جبکہ گھی 401 سے 606 روپے فی کلو تک بیچا جا رہا ہے، بیسن 240، دال چنا 255، سفید چنے 395، کالے چنے 245، لوبیا 418، چاول ٹوٹا 160، ثابت چاول 320، سی لال مرچ 393، ہلدی 106 روپے فی کلو فروخت کی جا رہی ہے

سارے شہر میرے شہر

ٹوبہ ٹیک سنگھ، ڈپٹی کمشنر عدنان ارشاد ماحولیات کی فضائی آلودگی کے خاتمے کیلئے کمیٹی روم میں منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ماحولیاتی آلودگی، انڈسٹریل یونٹس کی مانیٹرنگ نہایت اہم ہے: عدنان ارشاد

زگ زیگ ٹیکنالوجی کے بغیر کسی بھٹہ خشت کو کام کی اجازت نہیں دی جائے گی، ڈپٹی کمشنر

ٹوبہ ٹیک سنگھ (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر عدنان ارشاد نے کہا ہے کہ ماحولیاتی آلودگی کے مسائل پر قابو پانے کے لئے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں، قانون پر عملدرآمد نہ کرنیوالوں کے خلاف سخت کارروائی یقینی بنائی جائے، ان خیالات کا اظہار انہوں نے تحفظ ماحولیات کمیٹی کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اسسٹنٹ ڈائریکٹر ماحولیات عارف محمود نے فضائی آلودگی کے خاتمے کیلئے کئے گئے اب تک کے اقدامات پر تفصیلی بریفنگ دی۔ ڈپٹی کمشنر عدنان ارشاد نے کہا کہ ہاؤسنگ سوسائٹیز میں تحفظ ماحولیات کے حوالے سے تمام شرائط وضوابط پر عملدرآمد ہر صورت یقینی بنایا جائے، محکمہ تحفظ ماحولیات کے افسران نئی ہاؤسنگ کالونیوں کیساتھ پرانی سوسائٹیز، میرج ہالز شرائط وضوابط پر عمل کی نگرانی کریں، انہوں نے کہا کہ انڈسٹریل یونٹس کی مانیٹرنگ نہایت اہم ہے، کاروباری افراد کو پابند کیا جائے کہ وہ ماحولیات کے حوالے سے اپنے فرائض سے آگاہ رہیں اور اپنی ذمہ داریاں پوری کریں اسی طرح ضلع میں زگ زیگ ٹیکنالوجی کے بغیر کسی بھٹہ خشت کو کام کی اجازت نہیں دی جائے گی، اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو غنی شاکر، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل احمد جواد، اسسٹنٹ کمشنرز، چیف آفیسرز ضلع کونسل و میونسپل کمیٹیز و دیگر متعلقہ محکموں کے افسران بھی موجود تھے۔

رشوت لینے والے پولیس اہلکار جیل کو اپنا گھر سمجھیں: ڈی ایس پی رانا ندیم

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) رشوت لینے والے پولیس اہلکار جیل کو اپنا گھر سمجھیں۔ ان خیالات کا اظہار ڈی ایس پی سبزی منڈی رانا محمد ندیم نے اپنے ایک بیان میں کیا۔ تفصیلات کے مطابق ڈی ایس پی رانا محمد ندیم سرکل کھیالی گوجرانوالہ میں تعینات ہیں۔ انہوں نے کہا ہے کہ اگر کوئی ملازم رشوت لے گا تو وہ جیل کو اپنا اپنا گھر سمجھیں اس کیخلاف فوری طور پر مقدمہ درج رجسٹرڈ کر کے انہیں قرار واقعی سزا دی جائے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ اگر کسی بھی سائل کی ساتھ ناانصافی ہوئی ہے تو بالمشافہ مجھ سے ملے انشاء اللہ اس کو انصاف ملے گا، اپنے علاقے کو تمام ایس ایچ اوز کو ہدایات بھی جاری کرتے ہوئے کہا کہ آنیوالے شہریوں سے خوش اخلاقی سے پیش آئیں اور جرم کرنیوالے سے کسی قسم کی رعایت نہ برتیں

گندم خریداری کے حوالے سے باردانے کی تقسیم کا عمل شروع کر دیا: شاہنواز چوہان

سنٹرز پر 6 لاکھ 70 ہزار بوری سو کلوگرام کاشتکاروں کو پالیسی کے مطابق فراہم کیا جائیگا، بیان

بدوملہی (نامہ نگار) ڈسٹرکٹ فوڈ کنٹرولر شاہنواز چوہان نے کہا ہے کہ محکمہ خوراک نارووال کی طرف سے گندم کی خریداری کے حوالے سے باردانے کی تقسیم کا عمل شروع کر دیا گیا ہے، ضلع میں قائم تینوں سنٹرز پر 6 لاکھ 70 ہزار بوری سو کلوگرام کاشتکاروں کو پہلے آؤ، پہلے پاؤ کی پالیسی کے مطابق فراہم کیا جائے گا۔ ڈی ایف سی نارووال نے مزید بتایا کہ ضلع نارووال کے لیے امسال 67 ہزار میٹرک ٹن گندم 6 لاکھ 70 ہزار بوری سو کلوگرام (کا ہدف مقرر کیا گیا ہے جس کے لیے مجموعی طور پر پانچ) نارووال، بدوملہی، دوم تھل، منڈی ٹھٹھیل، شکرگڑھ (میں سنٹرز قائم کیے گئے ہیں اور گندم کی خریداری کے سلسلہ میں تمام سنٹرز میں تمام انتظامات مکمل کر لئے گئے ہیں۔ حکومت کاشتکاروں سے گندم کا ایک ایک دانہ خریدے گی۔ انہوں نے بتایا کہ گندم کی خریداری مہم کے دوران کسی بھی شخص کو گندم سٹوریج کی اجازت نہیں دی جائے گی۔

پیرمحل، اغوا کے بعد قتل میں مطلوب اشتہاری مجرم ظفر اقبال ولد اللہ دتہ پولیس حراست میں

اسسٹنٹ کمشنر پیرمحل کا گرانفروشوں کیخلاف ایکشن، جرمانے عائد

پیرمحل (نامہ نگار) اسسٹنٹ کمشنر ندیم بلوچ کا سبزی فروشوں، بھٹہ خشت، پٹرول پمپس کے خلاف آپریشن ہزاروں روپے جرمانے عائد تحصیل ندیم بلوچ اسسٹنٹ کمشنر پیرمحل نے سبزی فروٹ فروشوں کو مجوزہ ریٹ لسٹ سے زائد رقم وصول کرنے پر ہزاروں روپے جرمانے عائد کر کے موقع پر وصول کیے زگ زیگ ٹیکنالوجی کی خلاف ورزی اور پٹرول پمپس پر کم پیمائش پر پٹرول پمپ مالکان کو ہزاروں روپے جرمانے عائد کر کے دوبارہ خلاف ورزی پر مقدمہ کے اندراج کی کارروائی کی وارننگ جاری کی

گوجرہ: جنرل بس سٹینڈ سے ملنے والی نعش کی شناخت نہ ہو سکی

گوجرہ (تحصیل رپورٹر) جنرل بس اسٹینڈ سے ملنے والی ضعیف العمر کی نعش کی شناخت نہ ہو سکی۔ سٹی پولیس کو اطلاع ملی کہ لاری اڈا گوجرہ میں ایک بزرگ کی نعش پڑی ہے جس پر پولیس نے موقع پر پہنچ کر نعش اپنی تحویل میں لے کر تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال گوجرہ منتقل کر دی اور اس کی شناخت کیلئے اعلانات کروائے مگر اس کی شناخت نہ ہو سکی جس پر پولیس نے لاوارث قرار دے کر اس کی نعش میونسپل کمیٹی کے حوالے کر دی جنہوں نے مقامی قبرستان میں سپرد خاک کر دیا۔

میونسپل کمیٹی حافظ آباد کا تجاوزات قائم کرنیوالوں کیخلاف کریک ڈاؤن

تجاوزات کرنے والوں نے سڑکوں پر پیدل چلنا بھی محال کر دیا ہے: ایم او آر فردا یوسف

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) میونسپل کمیٹی حافظ آباد کی ایم او آر فردا یوسف اور انکروچمنٹ اینفورسمنٹ آفیسر ملک محمد اسرار کی سربراہی میں میونسپل کمیٹی کے عملہ کی تجاوزات قائم کرنے والوں کے خلاف شہر کے مختلف علاقوں میں کارروائی عمل میں لائی گئی۔ یہ کارروائی ونیکے روڈ اور کولو اڈے سمیت دیگر علاقوں میں کی گئی۔ اس موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے میونسپل کمیٹی حافظ آباد کی ایم او آر فردا یوسف اور انکروچمنٹ اینفورسمنٹ آفیسر ملک محمد اسرار نے کہا کہ تجاوزات کی وجہ سے شہر کا حسن تباہ ہو کر رہ گیا ہے اور تجاوزات کی بھرمار کرنے والوں نے سڑکوں پر پیدل چلنا بھی محال کر دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آئندہ تجاوزات قائم کرنے والوں کو کسی بھی صورت رعایت نہیں دی جائے گی۔ دوسری جانب انجمن تاجران ونیکے روڈ کے صدر محمود علی نے شہر بھر میں قبضہ مافیا کی جانب سے عوامی گزرگاہوں پر تجاوزات قائم کر کے عوام کو پریشان کرنے والوں کے خلاف آپریشن پر خوشی کا اظہار کرتے ہوئے اسے شہریوں اور شہر کے حسن کے لیے خوش آئند قرار دیا ہے۔

سیالکوٹ، کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن نوید حیدر شیرازی ضلعی افسران کے اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

پی ڈی ایم نے 1 سال میں ملک کو کنگال کر دیا: میاں حامد ایڈووکیٹ

چوروں کے ٹولے کو پوری قوم اچھی طرح پہچان چکی ہے: رہنما تحریک انصاف

کاموکے (نامہ نگار + نمائندہ خصوصی) پی ڈی ایم اور اس کے حواریوں نے ایک سال میں ملک کو کنگال کر دیا، ملکی خزانے کو دونوں ہاتھوں سے لوٹنے والے لٹیرے الیکشن سے راہ فرار چاہتے ہیں لیکن پاکستانی قوم اب انہیں الیکشن اور ملک سے بھاگنے نہیں دے گی۔ ان خیالات کا اظہار پاکستان تحریک انصاف سٹی کاموکے کے صدر میاں حامد علی ایڈووکیٹ نے اپنے بیان میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ آئین و قانون کی بالادستی کیلئے پوری قوم چیئرمین عمران خان کی قیادت میں چیف جسٹس آف پاکستان جسٹس عمر عطا بندیال کے ساتھ کھڑی ہے اور انشاء اللہ عنقریب تمام آئین شکن انصاف کے کٹہرے میں ہونگے، آئین و قانون کی دھجیاں اڑانے والے کس منہ سے آئین پاکستان کی گولڈن جوبلی منا رہے ہیں، انہوں نے کہا کہ اس چوروں کے ٹولے کو پوری قوم اچھی طرح پہچان چکی ہے الیکشن قریب میں ان قومی لٹیروں کو چھپنے کیلئے جگہ نہیں ملے گی اور انشاءاللہ پاکستان تحریک انصاف کلین سویپ کرے گی۔

ریسکیو 1122 تحصیل چوکی اپنے فرائض کو مشن سمجھ کر سرانجام دے رہی ہے: رابعہ خلیل

پھولنگر (نمائندہ خصوصی) ریسکیو 1122 تحصیل چوکی اپنے فرائض کو ایک مشن سمجھ کر سرانجام دے رہی ہے، رابعہ خلیل ہمارے جوان پوری محنت لگن اور انسانی ہمدردی کے ساتھ اپنی پیشہ وارانہ صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے اپنی ذمہ داریاں احسن طریقے سے سرانجام دے رہے ہیں، میڈیا سے گفتگو تفصیلات کے مطابق ریسکیو ایمرجنسی آفیسر تحصیل چوکی میڈم رابعہ خلیل نے چیئرمین ملک محمد امین اور میگا پریس کلب اور پریس کلب تھمر کے صحافیوں جن میں جوائنٹ سیکرٹری طیب جوئیہ، طاہر جوئیہ اور (IB) انٹیلی جنس بیورو تحصیل چوکی کے جوانوں کے ساتھ ملاقات میں خصوصی گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ ریسکیو 1122 تحصیل چوکی دن رات عوامی خدمت میں کوشاں ہے آندھی ہو یا طوفان ٹریفک حادثہ ہو یا ہو کہیں آتشزدگی ریسکیو 1122 تحصیل چوکی کے جوان ہمیشہ عوام کے دکھ درد میں برابر کے شریک ہیں

پی ڈی ایم نے پاکستانیوں کو مہنگائی بیروزگاری کے سوا کچھ نہیں دیا: منیب حسین

ملک کو مافیا سے آزاد کرانے کی جدوجہد میں عمران خان کیساتھ قوم کھڑی ہے، میڈیا سے گفتگو

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما و سابق سیکرٹری ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن چوہدری منیب حسین وڑائچ نے کہا ہے کہ ملک کو مافیا سے آزاد کروانے کی جدوجہد میں عمران خان کیساتھ پوری قوم کھڑی ہے اور جانتی ہے کہ آج پاکستان جن حالات سے گزر رہا ہے۔ اس کی ذمہ داری صرف اور صرف موجودہ حکمرانوں پر عائد ہوتی ہے۔ پاکستان میں ستر سال سے برسر اقتدار سیاسی جماعتوں نے پاکستان اور عوام کیلئے کچھ نہیں کیا۔ چوہدری منیب حسین وڑائچ نے کہا کہ سپریم کورٹ سے پنجاب میں انتخابات کے حوالے سے آنیوالا فیصلہ تاریخی ہے۔ جس سے جمہوری اقدار کو فروغ ملے گا اور جمہوری سسٹم مستحکم ہو گا امید ہے کہ ملک کے تمام اسٹیک ہولڈرز چودہ مئی کے انتخابات کو یقینی بنا کر ملک کو بحران سے نکالنے میں اپنا کردار ادا کریں گے۔ انتخابات کے بغیر جمہوریت کی بقاء قائم رکھنا ممکن نہیں، جمہوری عمل میں اختلاف رائے جمہوریت کا حسن تصور کیا جاتا ہے، مگر اختلاف رائے کا مطلب ہرگز جمہوریت کو تباہ کرنا نہیں ہے۔ چوہدری منیب حسین وڑائچ نے مزید کہا کہ رجیم چینج کے بعد پی ٹی آئی اور عمران خان کی مقبولیت میں جتنا اضافہ ہوا ہے شاید اتنا اس سے پہلے کبھی نہیں ہوا ایک سال میں پاکستانیوں نے مہنگائی بیروزگاری کے سوا کچھ نہیں دیکھا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے عوام آئین اور انصاف کی جیت پر انتہائی پر جوش ہیں

نارنگ منڈی: محکمہ سوئی گیس کی نااہلی، 2 ماہ سے کھودا گیا گڑھا بند نہ ہو سکا، حادثات میں اضافہ

نارنگ منڈی (نامہ نگار) محکمہ سوئی گیس کی نااہلی دو ماہ سے کھودا گیا گڑھا بند نہ ہو سکا آئے روز موٹر سائیکل سوار گڑھے میں گر کر زخمی ہو رہے ہیں شہریوں کا نوٹس لینے کا مطالبہ تفصیل کے مطابق شہر کے وسط میں سے گزرنے والی راجباہ کے قریب سوئی گیس کی پائپ لائن کی مرمت کیلئے گڑھا کھودا گیا تھا دو ماہ سے زائد کا عرصہ گزر جانے کے باوجود بند نہیں کیا گیا سکول جانے والے معصوم بچے اور موٹر سائیکل سوار شہری آئے روز اس گہرے گڑھے میں گر کر زخمی ہو رہے ہیں محکمہ سوئی گیس کی سست روی نااہلی اور غفلت سے کوئی بھی بڑا

مفت آٹا فراہمی پروگرام سے غریبوں کو ریلیف مل رہا ہے: ڈپٹی کمشنر امتیاز احمد

ہر مفت آٹا سنٹر پر اہل افراد کو احسن انداز میں آٹے کی فراہمی کا عمل جاری ہے، گفتگو

عارفوالا (نمائندہ حریف) ڈپٹی کمشنر امتیاز احمد خاں کھچی نے کہا ہے کہ محروم معیشت لوگوں کو ریلیف دینے کیلئے مفت آٹا فراہمی کا پروگرام اپنی نوعیت کا منفرد منصوبہ ہے کے تحت غریبوں کو ریلیف مل رہا ہے، سرکاری محکمے اس منصوبہ کو نتیجہ خیز بنانے کیلئے جس انداز میں محنت کر رہے ہیں وہ قابل ستائش ہے، ضلعی انتظامیہ عوامی فلاح و بہبود کے منصوبوں کی افادیت کے دائرہ کار کو بڑھانے اور عوام کی توقعات پر پورا اترنے کیلئے ہر ممکن اقدام کر رہی ہے، ہر مفت آٹا سنٹر پر اہل افراد کو احسن انداز میں آٹے کی فراہمی کا عمل جاری ہے تاکہ انہیں مفت آٹے کی فراہمی بارے منعقدہ اجلاس کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیں اس موقع پر متعلقہ اداروں کے حکام بھی موجود تھے، ایس این اے فیاض مسعود نے اجلاس کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ اب تک ضلع بھر میں مفت آٹا تقسیم سنٹرز کے ذریعے 3 لاکھ 6 ہزار 1 سو 18 مستحق خاندانوں میں 7 لاکھ 10 ہزار 2 سو 57 مفت آٹے کے تھیلے تقسیم کیے جا چکے ہیں، ڈپٹی کمشنر امتیاز احمد خاں کھچی نے انچارج آٹا تقسیم سنٹرز کو ہدایات جاری کیں کہ مفت آٹے کی تقسیم کے عمل کو تواتر سے جاری رکھا جائے اور مستحقین کو جلد از جلد آٹا فراہم کے لیے اقدامات کا سلسلہ جاری رکھا جائے۔

اسسٹنٹ کمشنر پیرمحل ندیم بلوچ اور ڈی ایس پی پیرمحل ملک ظفر اقبال کی زیر صدارت تحصیل امن کمیٹی ممبران اجلاس کے شرکاء

ملک شدید ترین معاشی و سیاسی بحران کی زد میں ہے: شان علی قمر

لٹیروں کی ایسوسی ایشن سپریم کورٹ کے فیصلے کے بعد اوچھے ہتھکنڈوں کی تیاری میں ہے

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) پاکستان تحریک انصاف میٹروپولیٹن کے سیکرٹری اطلاعات ونشریات میاں شان علی قمر نے کہا ہے کہ ملک پر مسلط چوروں اور لٹیروں کی ایسوسی ایشن سپریم کورٹ کے فیصلے کے بعد اوچھے ہتھکنڈوں کی تیاری میں ہے، لیکن انہیں پیشگی متنبہ کر رہے ہیں کہ کسی بھی اوچھے ہتھکنڈے کا قوم منہ توڑ جواب دے گی۔ میاں شان علی قمر نے مزید کہا کہ قوم پر مسلط ظالم حکمرانوں نے ملک کو نظریے سے محروم کیا، ملک شدید ترین معاشی و سیاسی بحران کی زد میں ہے، عمران خان اپنے لئے نہیں ملک بچانے کی جدوجہد کر رہے ہیں، کرپٹ حکمران الیکشن سے راہ فرار اختیار کر رہے ہیں کیونکہ انہیں اپنی عبرتناک شکست واضح نظر آ رہی ہے، الیکشن سے جتنا مرضی بھاگ لیں انہیں ہر حال میں الیکشن کروانا ہی ہونگے۔ انہوں نے کہا کہ پی ڈی ایم کو اپنی عبرتناک شکست واضح دکھائی دے رہی ہے اس لئے یہ آئین وقانون پر حملہ آور ہو کر ملک کے حالات خراب کرنے پر تلے ہیں، سپریم کورٹ کے فیصلے کو ماننے سے انکار کر کے کھلم کھلا توہین عدالت کی جا رہی ہے، امپورٹڈ ٹولے کو بتا دینا چاہتے ہیں کہ پوری قوم اپنے عدلیہ کے ساتھ کھڑی ہے۔ کسی کو شب خون مارنے کی اجازت نہیں دی جا سکتی۔

ملک میں اسلامی نظام جماعت اسلامی لا سکتی ہے: رانا غلام عباس

جماعت اسلامی کی حکومت کا مقصد کسی فرد کا اقتدار نہیں حاکمیت الٰہی کا قیام ہے

پیرمحل (نامہ نگار) ملک کو اسلامی نظام کی ضرورت ہے اور یہ نظام جماعت اسلامی لا سکتی ہے ان خیالات کا اظہار رانا غلام عباس امیدوار پنجاب اسمبلی پی پی 123 تحصیل صدر جماعت اسلامی نے مختلف چوک میں حلقہ احباب سے ملاقاتوں میں کیا انہوں نے کہا جماعت اسلامی کی حکومت کا مقصد پارٹی یا کسی فرد کا اقتدار نہیں بلکہ حاکمیت الٰہی کا قیام ہے پی ڈی ایم، پیپلز پارٹی اور پی ٹی آئی کا طرز حکومت، پالیسیاں یکساں، اختلاف صرف اقتدار کے حصول کے مسئلہ پر ہے یہ جماعتیں لوٹ مار میں ملوث ہیں لوٹ مار ان کا منشور ہے توشہ خانہ رپورٹ نے سب کو ایکسپوز کر دیا ان کے چہرے مختلف اور پارٹیاں الگ الگ طرز ہو واش، مگر منشور ایک ہے۔ جھوٹ پر جھوٹ کا معاملہ ہو یا آئی ایم ایف کی غلامی انہیں عوام کی بجائے اپنے اپنے مفادات عزیز ہے اقتدار حاصل کرنے کے لیے تمام شرائط کو قبول ہے خواہ عوام زندہ رہے یا مرے عوام کی قربانی دینا ان کے منشور میں شامل ہے

نارووال: یوم علیؑ کا مرکزی جلوس بجانب نیشنل پریس کلب کچہری روڈ سے گزر رہا ہے

ای پی آئی ویلفیئر کی جانب سے ڈاکٹر امان اللہ قاضی کے اعزاز میں افطار ڈنر کا اہتمام

ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسرز ڈاکٹر عادل شہزاد، ڈاکٹر فہد وحید، ڈاکٹر جمیل، ڈاکٹر عمران و دیگر کی شرکت

کالاشاہ کاکو (نمائندہ خصوصی) ای پی آئی ویلفیئر فیڈریشن ضلع شیخوپورہ کے زیر اہتمام چیف ایگزیکٹو آفیسر (DHA) شیخوپورہ ڈاکٹر امان اللہ قاضی کے اعزاز میں قصر حیات ٹی کوٹ ہال میں پروقار افطار ڈنر کا اہتمام کیا گیا۔ جس میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسرز ڈاکٹر عادل شہزاد صاحب ڈاکٹر فہد وحید صاحب ڈاکٹر جمیل صاحب ڈاکٹر عمران شاہ صاحب ڈاکٹر قیصر نواز چن صاحب پریذیڈنٹ شاہد صاحب اور ضیاء صاحب ڈی ایس وی حافظ ظہیر بھٹی صاحب کے علاوہ یاسر گجر شیخ رؤف مجید اے ایس وی محمد عامر سجاد گجر اور جمیل احمد جعفر کے علاوہ کثیر تعداد آفیسران و اہلکاران نے خصوصی شرکت کی۔ تقریب سعید کا اہتمام ای پی آئی ویلفیئر فیڈریشن کے صدر میاں عادل انور اور جنرل سیکرٹری امتیاز علی مغل نے کیا۔ آخر میں سی ای او صاحب نے ویکسی نیٹرز کے تمام دیرینہ حل طلب مسائل کے حل کی یقین دہانی کروائی۔ جس پر صدر میاں عادل انور نے انکا تہہ دل سے شکریہ ادا کیا۔

گندم کی دوسرے اضلاع سمگلنگ روکنے کیلئے متحرک ہیں: ڈپٹی کمشنر ٹوبہ

داخلی و خارجی راستوں پر چیک پوسٹوں پر عملے کی حاضری کو چیک کیا جا رہا ہے، عدنان

ٹوبہ ٹیک سنگھ (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر عدنان ارشاد گندم کی دوسرے اضلاع سمگلنگ روکنے کیلئے رات گئے فیلڈ میں متحرک ہیں، اس سلسلہ میں ڈپٹی کمشنر عدنان ارشاد نے ہمراہ اسسٹنٹ کمشنر نعمان علی ڈوگر رجانہ سمندری روڈ پر ناکہ لگا کر گندم سے لوڈ ٹریکٹر ٹرالیوں اور لوڈر رکشوں و ٹرکوں کی چیکنگ کی اور گندم کی سمگلنگ کو روکنے کیلئے داخلی و خارجی راستوں پر قائم کردہ چیک پوسٹوں پر عملے کی حاضری کو چیک کیا، اس موقع پر ڈپٹی کمشنر کا کہنا تھا کہ حکومت پنجاب کی پالیسی کے مطابق ضلع بھر میں گندم کی خریداری شروع کر دی گئی ہے، 1 لاکھ 12 ہزار میٹرک ٹن گندم خریداری کا ہدف حاصل کرنے کے لئے ضلعی انتظامیہ اور فوڈ ڈیپارٹمنٹ نے 7 مراکز قائم کیے ہیں، انہوں نے کہا کہ ضلع کی گندم کسی صورت باہر لے جانے کی اجازت نہیں دی جائیگی ذخیرہ اندوز مافیا اور اسمگلرز کے خلاف سخت کریک ڈاؤن شروع رہے گا تاکہ گندم کی سمگلنگ کو روکا جا سکے، کاشتکار اپنی گندم سرکاری سنٹرز پر فروخت کر کے فی من کا معاوضہ 3900 روپے حاصل کریں۔

مسجد اقصیٰ میں نمازیوں پر حملہ انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزی ہے: اشرف بھدرو

مسجد اقصیٰ میں اسرائیلی فورسز کے حملے کے نتیجے میں زخمیوں کی صحتیابی کے لیے دعا گو ہیں، گفتگو

پاکپتن (نامہ نگار) انجمن آڑھتیاں (رجسٹرڈ) غلہ منڈی کے صدر میاں محمد اشرف بھدرو نے رمضان المبارک کے مقدس مہینے میں مسجد اقصیٰ میں جاری اسرائیلی دہشت گردی اور مظلوم فلسطینیوں پر ظلم وتشدد کی مذمت کرتے ہوئے کہا مقدس مہینے رمضان المبارک میں مسجد اقصیٰ میں مسلمان نمازیوں پر بہیمانہ حملہ بنیادی انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزی ہے۔ مسجد اقصیٰ میں اسرائیلی فورسز کے حملے کے نتیجے میں زخمیوں کی صحتیابی کے لیے دعا گو ہیں اسرائیل کے تمام اوچھے ہتھکنڈے دراصل فلسطین اور بالخصوص بیت المقدس کی اسلامی شناخت مٹانے کی کوششوں کا حصہ ہیں رمضان المبارک میں قبلہ اول پر حملہ دنیا کے امن کو خطرے ڈالنے کی سازش ہے مسجد اقصیٰ میں نہتے فلسطینیوں پر اسرائیلی فوجیوں کا حملہ دہشت گردی ہے اقوام متحدہ کی طرف سے ان مسائل کے حل کیلئے درجنوں قراردادیں بھی منظور کی جا چکی ہیں لیکن ان پر 7 دہائیاں گزرنے کے باوجود اقوام متحدہ عمل درآمد کروانے میں ناکام رہی ہے مقبوضہ بیت المقدس پر اسرائیلی سیکورٹی فورسز اس وقت مسجد اقصیٰ کے احاطے میں داخل ہوئیں جب سینکڑوں مسلمان رمضان المبارک کی شب عبادت میں مصروف تھے نہتے مسلمانوں پر بلاجواز حملہ کیا گیا یہ جارحیت اور ظلم ناقابل قبول اور ناقابل برداشت ہے فلسطینی عوام کے حقوق کے تحفظ کیلئے عالمی برادری کو اپنا کردار ادا کرنا چاہیے

حافظ آباد، ڈپٹی کمشنر عمر فاروق وڑائچ یوم علیؑ کے جلوسوں اور مجالس کی سیکیورٹی اور دیگر انتظامات کے سلسلہ میں ایمرجنسی بورڈ کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

سیالکوٹ میں سبزیوں اور پھلوں کی قیمتیں آسمان سے باتیں کرنے لگیں

دکانداروں کی لوٹ مار جاری، انتظامیہ خاموش تماشائی، اعلیٰ حکام سے نوٹس کا مطالبہ

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) سبزیوں اور پھلوں کی قیمتیں آسمان سے باتیں کرنے لگیں اور دکانداروں کی لوٹ مار جاری۔ غریب متوسط طبقے کے افراد بھاؤ پوچھنے تک ہی محدود، پرائس کنٹرول کمیٹی نے چپ سادھ لی۔ تفصیلات کے مطابق سیالکوٹ کی سبز منڈی میں کم ناپ تول معمول بن چکا ہے۔ سادہ لوح شہریوں کو لوٹنے کے لئے سبزی و فروٹ منڈی میں متعدد بااثر گروہ سرگرم عمل ہیں۔ ملوث کاروباری افراد کیخلاف مارکیٹ کمیٹی کسی قسم کی کارروائی کرنے سے گریزاں ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ ضلعی حکومت منڈیوں میں اپنے مقرر کردہ نرخوں پر عمل درآمد کروانے میں بالکل ناکام ہو چکی ہے۔ پرائس کنٹرول کمیٹی کے ذمہ داران بااثر افراد پر ہاتھ ڈالنے کی بجائے دیہی و شہری علاقوں میں قائم چھوٹے دکانداروں کو وقتاً فوقتاً جرمانے کر کے سب اچھا ہے کی رپورٹ اعلیٰ افسران کو بھجوا دیتے ہیں۔

نااہل ٹولہ کچھ بھی کر لے عمران خان دو تہائی اکثریت سے واپس آ رہا ہے: شاہنواز

عوام اپنے شاندار مستقبل کی امید میں پی ٹی آئی کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں، رہنما کی گفتگو

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) پاکستان تحریک انصاف کے و سابق سینئر نائب صدر سنٹرل پنجاب، سابق ضلعی صدر چوہدری شاہنواز نے کہا ہے کہ نااہل، چور ٹولہ کچھ بھی کر لے عمران خان دو تہائی اکثریت سے واپس آ رہا ہے اس بار عوام تہیہ کر چکے ہیں صرف "بلے" پر ٹھپے لگانے ہیں یہی بات امپورٹڈ ٹولے کو الیکشن سے بھاگنے پر مجبور کر رہی ہے مگر کب تک ایک دن تو الیکشن ہونا ہی ہے۔ رجیم چینج کے ایک سال میں پی ٹی آئی اور عمران خان کی مقبولیت آسمان کو چھو رہی ہے جبکہ امپورٹڈ ٹولہ دن بدن عوام کی نظروں میں گر رہا ہے جو کہ رجیم چینج کے ماسٹروں کے لئے بھی کھلا سبق ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایک سال میں پاکستانیوں نے فسطائیت، مہنگائی، بیروزگاری، تباہی و بربادی، لاقانونیت اور آئین شکنی کے سوا کچھ نہیں دیکھا اللہ کے شکرگزار ہیں کہ رجیم چینج کے بعد پاکستانی ہجوم سے ایک قوم بن گیا اور آج اپنے حقوق کیلئے کھڑے ہیں۔ جو یہ سوچ رہے تھے کہ عمران خان کو حکومت سے نکالنے کے بعد پی ٹی آئی کی سیاست ختم ہو جائے گی انہیں اپنی چال الٹی پڑ گئی ہے۔ سابق ضلعی صدر چوہدری شاہنواز نے کہا کہ حالیہ ایک سال میں تحریک انصاف اور عمران خان کو جتنی مقبولیت بڑھی ہے اس کی گزشتہ سالوں میں کوئی مثال نہیں ملتی۔ عمران خان کی نیت صاف ہے اس لئے کروڑوں عوام دہائیوں سے حکومتیں کرنے والے چوروں اور لٹیروں کی بجائے اپنے شاندار مستقبل کی امید میں پی ٹی آئی کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں۔

شہر سے ٹریفک کے مسائل اور تجاوزات کے خاتمہ کیلئے ضلعی انتظامیہ کے اجلاس میں صدر گوجرانوالہ چیمبر شیخ فیصل ایوب شریک ہیں

بے ہنگم ٹریفک کی روانی، تجاویزات کو ختم کیا جائے: کمشنر گوجرانوالہ

اپنی پارکنگ کا فوری بندوبست کریں ورنہ سخت ایکشن لیا جائے گا: میڈیا سے گفتگو

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) شہر کی ٹریفک اور ناجائز تجاوزات کے خاتمے کیلئے ضلعی انتظامیہ کا دوسرا اجلاس منعقد کیا گیا اس اہم اجلاس کی سربراہی کمشنر گوجرانوالہ نے کی جبکہ اجلاس میں صدر گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس، ڈپٹی کمشنر، آر پی او، سی پی او اور سیزر، سی ٹی او کے علاوہ تمام اداروں کے سربراہان نے شرکت کی۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ شہر کی بے ہنگم ٹریفک کی روانی کیلئے جہاں جہاں ناجائز تجاوزات کی بھرمار ہے اسے فوری طور پر ختم کیا جائے۔ کمشنر گوجرانوالہ نے کہا کہ شہریوں کی آسانی کیلئے کچھ سخت فیصلے کرنا پڑیں گے اس وقت شہر کی ٹریفک اور ناجائز تجاوزات شہریوں کیلئے وبال جان بنے ہیں۔ ایسے تعلیمی اداروں سمیت وہ ادارے جن کی پارکنگ نہیں ہے اور وہ ٹریفک کیلئے رکاوٹ کا سبب بن رہے ہیں ان تمام اداروں کو بھی آگاہ کیا جائے کہ اپنی اپنی پارکنگ کا فوری بندوبست کریں بصورت دیگر ان اداروں کے خلاف ایکشن لیا جائے گا۔ اس موقع پر صدر گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس شیخ فیصل ایوب نے کہا کہ شہر کی بہتری اور تعمیر وترقی کیلئے انتظامیہ جو فیصلے لے رہی ہے بہترین اقدامات ہیں البتہ سخت کارروائی کرنے سے قبل ایک مہم چلائی جائے جس سے لوگوں تک پیغام پہنچے کہ شہر سے ناجائز تجاوزات اور ٹریفک کے مسائل ختم کرنے کیلئے انتظامیہ سخت کارروائی کرنے جا رہی ہے۔ انہوں نے کاروباری مراکز کے سربراہان کو بھی پیغام دیتے ہوئے کہا کہ اس سے قبل انتظامیہ ایکشن لے لہٰذا تمام کاروباری لوگ خود بخود ناجائز تجاوزات کو ختم کرنے میں پہل کریں۔

پی ڈی ایم جو مرضی حربے استعمال کر لے الیکشن کا انعقاد ہو کر رہے گا، اویس ورک

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما و امیدوار حلقہ پی پی 138 چوہدری اویس عمر ورک نے کہا ہے کہ سپریم کورٹ نے آئین کی رو سے الیکشن کرانے کا حکم دیا ہے مگر آئین شکن حکومت آئین و قانون کے متصادم چل رہی ہے عوام جان چکے ہیں کہ یہ الیکشن سے بھاگ رہے ہیں ان کو اپنی عوامی مقبولیت کا بخوبی اندازہ ہو چکا ہے، پی ڈی ایم جو مرضی حربے استعمال کر لے الیکشن کا انعقاد ہو کر رہے گا پاکستانی عوام سپریم کورٹ کے فیصلے کیساتھ کھڑی ہے سپریم کورٹ فیصلے کیخلاف قومی اسمبلی میں قرارداد حکومتی بوکھلاہٹ کا نتیجہ ہے ججز کیخلاف قرارداد عدلیہ پر حملے کے مترادف ہے اس وقت ملک انتہائی نازک دور سے گزر رہا ہے اگر اب بھی اقتدار سے چمٹنے کی بجائے ملک وقوم کا نہ سوچا گیا تو آنیوالا وقت کسی کو معاف نہیں کریگا وقت کا تقاضا ہے ملکی مفادات کو ملحوظ خاطر رکھ کر چیئرمین تحریک انصاف عمران خان کے مطالبہ پر الیکشن کرائے جائیں۔ قوم کو جو بھی فیصلہ آئے اسکو ہر سیاسی جماعت قبول کرے

واٹر فلٹریشن پلانٹس کے تمام فلٹر تبدیل کیے جا چکے ہیں: ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر امتیاز

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عمر فاروق وڑائچ کی ہدایت پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو و ایڈمنسٹریٹر میونسپل کمیٹی امتیاز علی بیگ نے عوام کو صاف پانی کی فراہمی کو یقینی بنانے کیلئے شہر کے تمام واٹر فلٹریشن پلانٹس کی ضروری مرمت کے ساتھ ساتھ انکی ٹونٹیاں اور دیگر ضروری سامان تبدیل کروا دیا تاکہ عوام الناس کو رمضان المبارک کے مقدس مہینے میں صاف شفاف پانی دستیاب ہو سکے۔ ایڈمنسٹریٹر ایم سی امتیاز علی بیگ کا کہنا ہے کہ میونسپل کمیٹی کے زیر اہتمام شہر میں چلنے والے واٹر فلٹریشن پلانٹس کے تمام فلٹر پہلے ہی تبدیل کیے جا چکے ہیں اور اب ان فلٹریشن پلانٹس کی خراب ٹونٹیاں اور دیگر سامان بھی ٹھیک کروا دیا گیا ہے۔ انکا کہنا تھا کہ ایم سی اہلکاروں کو ہدایت کی گئی ہے کہ ہر ماہ باقاعدگی سے تمام فلٹریشن کا معائنہ کیا جائے اور اگر کسی کے فلٹر کی تبدیلی یا کسی اور سامان کی درستگی کی ضرورت ہو تو اسے فوری طور پر ٹھیک کیا جائے۔

اسسٹنٹ کمشنر پیرمحل ندیم بلوچ کم پیمائش پر پٹرول پمپ مالک کو جرمانہ عائد کرتے ہوئے

حکومت پنجاب کی ہدایات پر گندم خریداری مہم کا آغاز کر دیا، ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ

کسانوں سے گندم مقرر کردہ امدادی قیمت 3900 روپے فی من کے حساب سے خریدی جائیگی

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) حکومت پنجاب کی ہدایات کے مطابق گندم خریداری مہم کا آغاز کر دیا گیا ہے، ڈپٹی کمشنر عدنان محمود اعوان نے پی آر سنٹر سیالکوٹ میں باردانہ کی تقسیم کا افتتاح کیا۔ اسسٹنٹ کمشنر سیالکوٹ غلام سرور، ڈی ایف سی نصر اللہ خاں ندیم بھی موجود تھے۔ ڈپٹی کمشنر عدنان محمود اعوان نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ضلع سیالکوٹ میں 90 ہزار میٹرک ٹن گندم خریداری کا ہدف مقرر کیا گیا ہے اس مقصد کے لئے باردانہ کی تقسیم بھی شروع کر دی گئی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ کسانوں سے گندم حکومت پنجاب کی مقرر کردہ امدادی قیمت 3900 روپے فی من کے حساب سے خریدی جائے گی، انہیں ڈلیوری چارجز بھی ادا کئے جائیں گے، شفافیت یقینی بنانے کیلئے ادائیگی بذریعہ بنک کی جائے گی۔ ڈپٹی کمشنر نے بتایا کہ گندم خریداری مراکز تک کسانوں کی رسائی آسان بنانے کیلئے ٹریفک پولیس کو بہتر ٹریفک مینجمنٹ کے لئے ہدایات جاری کر دی گئی ہیں اسی طرح گندم کی سمگلنگ روکنے کیلئے فوڈ ڈیپارٹمنٹ کو ضلع کے داخلی و خارجی راستوں پر موثر انتظامات کے لئے بھی ہدایات جاری کی گئی ہیں۔ ڈپٹی کمشنر نے بتایا کہ ضلع سیالکوٹ میں تحصیل پسرور میں پانچ مراکز خریداری گندم قائم کئے گئے ہیں، تحصیل سیالکوٹ اور تحصیل ڈسکہ میں دو دو مراکز ہیں جبکہ تحصیل سمبڑیال میں گندم خریداری کے لئے ایک مرکز بنایا گیا ہے جہاں کسانوں کے بیٹھنے کے لئے بہترین انتظامات کئے گئے ہیں، متعلقہ اسسٹنٹ کمشنرز خریداری کے تمام عمل کی خود نگرانی کریں گے۔

ڈسکہ، چرچ میں توڑ پھوڑ، 25 ملزموں کے خلاف مقدمہ درج

ڈسکہ (نامہ نگار / نمائندہ خصوصی) چرچ میں توڑ پھوڑ اور قبضہ کرنے کی کوشش کرنے پر 25 ملزمان کیخلاف مقدمہ درج محلہ مشن کپاؤنڈ کے بشپ ایوان مسیح نے پولیس کو درخواست دی کہ چند روز قبل چرچ میں 25 نامعلوم ملزمان گھس آئے اور انہوں نے آتے ہی چرچ میں توڑ پھوڑ کر کے سرکاری املاک کو نقصان پہنچانے کیساتھ ساتھ قبضہ کرنے کی کوشش کی ملزمان کو منع کیا گیا تو انہوں نے سنگین نتائج کی دھمکیاں دینا شروع کر دیں پولیس نے مقدمہ درج کر لیا ہے

ڈپٹی کمشنر عدنان ارشاد ہمراہ اسسٹنٹ کمشنر پیرمحل ندیم بلوچ، ڈی ایف سی شمائلہ یا فوڈ کنٹرولر پیرمحل کاشتکاروں کو باردانہ فراہمی کا افتتاح کر دیا

عوام کو فوری انصاف کی فراہمی کیلئے کھلی کچہری کا انعقاد کیا جاتا ہے: جمشید علی

انصاف کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے کوئی کسر اٹھا نہ رکھی جائے گی، ڈی پی او بہاولنگر

بہاولنگر (بیورو رپورٹ) عوام الناس کو بلا رکاوٹ فوری انصاف کی فراہمی کے لیے کھلی کچہری کا انعقاد کیا جاتا ہے۔ سید جمشید علی۔ عوام دوست پولیسنگ کے ساتھ بھرپور انسدادی کارروائیوں سے معاشرے میں احساس تحفظ کی فضا کو فروغ دے رہے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کے احکامات کی روشنی اور ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر بہاولنگر سید علی رضا کی ہدایت پر تھانہ شہر فرید میں کھلی کچہری کا انعقاد اور تھانہ شہر فرید کا سرپرائز وزٹ ریکارڈ، بلڈنگ اور حوالات کا معائنہ کیا۔ اوپن ڈور پالیسی کے تحت کھلی کچہری انکا وقت کی اہم ضرورت ہے تاکہ عوام کو ان کی دہلیز پر بروقت انصاف کی فراہمی یقینی بنائی جا سکے ان خیالات کا اظہار ایس پی انویسٹی گیشن سید جمشید علی نے تھانہ شہر فرید میں کھلی کچہری میں خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر ڈی ایس پی محمد اسلم صابر بھی ہمراہ تھے۔ ایس پی انویسٹی گیشن نے کھلی کچہری میں موجود شہریوں کی درخواستوں کا بغور تفصیلی جائزہ لیا اور ان کی شکایات سنتے ہوئے کچھ مسائل موقع پر ہی حل کر دیئے جب کہ پیچیدہ معاملات کے حل کیلئے ایس ایچ او تھانہ شہر فرید فضل عباس شاہ کو میرٹ پر یکسو کرنے کے احکامات جاری کیے۔ ایس پی انویسٹی گیشن سید جمشید علی نے وزٹ کے دوران تھانہ کے ریکارڈ، بلڈنگ، حوالات اور سی ٹی وی کیمروجات کا معائنہ کیا۔ تھانہ کے ریکارڈ کو اپ ٹو ڈیٹ رکھنے اور زیر تفتیش مقدمات کو جلد از جلد میرٹ پر یکسو کرنے کی ہدایت کی۔

ڈاکو تھانہ مصطفیٰ آباد سے چند فرلانگ کے فاصلے پر مقامی صحافی کو لوٹ کر فرار

مصطفیٰ آباد للیانی (نامہ نگار) نامعلوم ڈاکو تھانہ مصطفیٰ آباد سے چند فرلانگ کے فاصلے پر مقامی صحافی کو لوٹ کر فرار، مہر صداقت رات سوا 12 بجے کے قریب دوکان بند کر کے گھر واپس جا رہا تھا، تفصیلات کے مطابق گزشتہ رات تھانہ مصطفیٰ آباد کے سامنے دو نامعلوم ڈاکو مقامی صحافی کو لوٹ کر فرار ہو گئے، مہر صداقت علی اپنی فارمیسی بند کر کے گھر واپس محلہ باؤ کی طرف پیدل جا رہا تھا کہ تھانہ مصطفیٰ آباد کے سامنے گرین بیلٹ میں چھپے دو نامعلوم ڈاکوؤں نے اسلحہ کے زور پر 33 ہزار روپے نقدی اور قیمتی موبائل فون چھین کر پیدل فرار ہو گئے، مقدمہ درج کر کے ملزمان کو گرفتار کر کے مال مسروقہ برآمد کیا جائے۔ مطالبہ۔

نارنگ منڈی، نہر سے نوجوان کی لاش برآمد

نارنگ منڈی (نامہ نگار) شاہدرہ کالا خطائی روڈ پر واقع گاؤں غازی ککار اوی سائفن کے قریب بی آر بی نہر سے 30 سالہ نوجوان کی نعش برآمد، اطلاع پر ریسکیو 1122 اور پولیس کی امدادی ٹیمیں موقع پر پہنچ گئیں، ریسکیو اہلکاروں نے نامعلوم نعش کو نہر سے نکال کر پولیس کے حوالے کر دیا ہے۔ جس کی تاحال شناخت نہیں ہو سکی پولیس مصروف تفتیش ہے۔

پیرمحل، سردار شوکت علی گوراہا ایڈووکیٹ سابق صدر بار کی رہائش گاہ چک نمبر 663 گ ب میں سابق ایم پی اے سید قطب علی شاہ کے اعزاز میں ظہرانہ میں سیاسی سماجی شخصیات شریک ہیں

گوجرہ: سابقہ رنجش پر 15 افراد کا حملہ دو خواتین سمیت 3 افراد شدید زخمی

گوجرہ (تحصیل رپورٹر) سابقہ رنجش کی بنا پر پندرہ افراد نے حملہ کر کے دو خواتین سمیت تین افراد کو شدید زخمی کر دیا۔ چک نمبر 181 گ ب کے محمد سعید نے تھانہ صدر گوجرہ میں مقدمہ درج کراتے ہوئے موقف اختیار کیا ہے کہ گاؤں مذکور کے محمد نعیم وغیرہ 15 افراد اس کے ڈیرہ پر آ گئے اور اس کی بیوی، بچی اور بھائی کو یرغمال بنا لیا اور ڈنڈوں سوٹوں سے تشدد کا نشانہ بناتے ہوئے انہیں شدید زخمی کر دیا

للیانی: قتل ہونیوالے امانت علی کا مقدمہ 5 افراد کے خلاف درج

ملزموں نے زمین کے تنازع پر فائرنگ کر کے 1 شخص کو قتل، 2 افراد کو شدید زخمی کر دیا تھا

مصطفیٰ آباد للیانی (نامہ نگار) گزشتہ روز قتل ہونے والے امانت علی کا مقدمہ پانچ افراد کے خلاف درج، ملزمان نے زمین کے تنازعہ پر فائرنگ کر کے ایک شخص کو قتل جبکہ دو افراد کو شدید زخمی کر دیا، مقتول امانت کو نماز جنازہ کے بعد آبائی قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا، مراتب علی کی مدعیت میں مقدمہ درج، ملزمان کی گرفتاری کا مطالبہ، تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز نواں مصطفیٰ آباد للیانی سے اکار پر حنیر عرف حنیرا، اشفاق عرف شاکی، وقاص عرف کاکا، ساجد عرف ساجدی اور کرامت جٹ نے زمین کے تنازعہ پر فائرنگ کر کے امانت علی کو قتل جبکہ اس کے ساتھیوں محمد فرمان اور غضنفر کو شدید زخمی کر دیا، مدعی مقدمہ مراتب علی کے مطابق ملزمان قبضہ گروپ ہیں، ملزمان نے ہماری وراثتی زمین پر ناجائز قبضہ کرنے کی کوشش کی تھی، اس سے قبل بھی فائرنگ کر کے اکبر علی، فرمان اور شفیق کو زخمی کر چکے ہیں ملزمان کے خلاف تھانہ مصطفیٰ آباد میں چار مقدمات درج ہیں، ملزمان چند روز قبل ہائی کورٹ سے ضمانت کروا کر آئے تھے، اور ہمیں جان سے مارنے کی دھمکیاں دیکر صلح کرنے پر مجبور کر رہے تھے صلح نہ کرنے پر ملزمان نے میرے بھائی کو قتل کر دیا ہے، مقتول امانت کو نماز جنازہ کے بعد آبائی قبرستان حضرت بابا معصوم شاہ والے میں سپرد خاک کر دیا گیا، نماز جنازہ میں سینکڑوں افراد نے شرکت کی، ورثاء نے اعلیٰ حکام سے ملزمان کو جلد از جلد گرفتار کرنے کا مطالبہ۔

اشتہاری کو پناہ دینے پر 2 ملزموں کے خلاف مقدمہ درج

ڈسکہ (نامہ نگار / نمائندہ خصوصی) اشتہاری ملزم کو پناہ دینے پر دو ملزمان کیخلاف مقدمہ درج پولیس کو مخبر خاص نے اطلاع دی کہ پولیس کو مطلوب اشتہاری ملزم فیصل اس وقت اوجیاں میں ریاض اور محمود کیساتھ موجود ہے پولیس نے اشتہاری ملزم کی گرفتاری کیلئے چھاپہ مارا تو ان دونوں نے پولیس آنے کا شور مچا دیا جس سے اشتہاری ملزم فرار ہونے میں کامیاب ہو گیا

گوجرانوالہ، منشیات فروشی میں ملوث ملزمان تھانہ واہنڈو اور تھانہ ایمن آباد پولیس کی حراست میں

اسسٹنٹ کمشنر پیر محل ندیم بلوچ کم پیمائش پر پٹرول پمپ مالک کو جرمانہ عائد کرتے ہوئے

الیکشن کمیشن نے پنجاب میں عام انتخابات کیلئے پولنگ سکیم تیار کرلی

صوبے کے 297 حلقوں کے لئے 52 ہزار پولنگ سٹیشن قائم کئے جائیں گے، ڈرافٹ پولنگ سکیم شائع کی جائے گی

لاہور (آن لائن) الیکشن کمیشن نے پنجاب میں عام انتخابات کے لئے پولنگ سکیم تیار کرلی۔ ذرائع کے مطابق پنجاب اسمبلی کے 297 حلقوں کے لئے تقریباً 52 ہزار (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 1)

این اے 108 اور 118 کے ضمنی انتخابات روکنے کی درخواست پر فریقین کو نوٹس

لاہور (اے ایف پی) لاہور ہائیکورٹ نے پنجاب میں قومی اسمبلی کے حلقہ این اے 108 اور این اے 118 کے ضمنی انتخابات (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 2)

تنخواہوں کی عدم ادائیگی پر آپریشن متاثر ہونیکا کوئی خدشہ نہیں، پی آئی اے

کراچی (یو این پی) تنخواہوں سے متعلق خبر پر پی آئی اے نے موقف دیتے ہوئے واضح کیا ہے کہ تنخواہوں کی عدم ادائیگی پر آپریشن کے متاثر ہونے کا کوئی خدشہ نہیں ہے۔ ترجمان (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 3)

اسلام آباد: خواتین بینظیر انکم سپورٹ کے تحت رقم کے حصول کیلئے ون ونڈو سنٹر کے باہر قطار میں کھڑی ہیں

پنجاب حکومت کا انصاف آفٹرنون سکول اساتذہ کی تنخواہوں کیلئے فنڈز سے انکار

لاہور میں تین سو اساتذہ کو ایک سال سے تنخواہوں کی ادائیگی نہیں کی گئی، منتخب حکومت فنڈز منظور کریگی، ترجمان نگران حکومت

لاہور (آن لائن) پنجاب کی موجودہ نگران حکومت نے لاہور سمیت صوبے بھر میں واقع انصاف آفٹرنون سکولوں کے ہزاروں اساتذہ کی تنخواہوں کی مد میں فنڈز جاری کرنے سے انکار کر دیا ہے۔ بتایا گیا ہے کہ پنجاب بھر میں مذکورہ سکولوں کی تعداد سات ہزار اور لاہور میں ایک سو ہے جبکہ ان سکولوں میں ہزاروں اساتذہ پڑھا رہے ہیں، لاہور میں اساتذہ کی تعداد تین سو ہے جنہیں گذشتہ ایک سال سے تنخواہوں کی ادائیگی نہیں کی گئی۔ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 4)

اسلام آباد: وفاقی وزیر تعلیم رانا تنویر حسین اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

علامہ اقبال ایئرپورٹ
ایف آئی اے سٹاف کا سول ایوی ایشن اتھارٹی کے باوردی پورٹر پر تشدد

ڈپٹی ڈائریکٹر ایف آئی اے کی سول ایوی ایشن آفس میں سٹاف کو جان سے مارنے کی دھمکیاں، انتظامیہ کو غلیظ گالیاں دیں

غنڈہ گردی کا فوری نوٹس نہ لیا گیا تو ایئرپورٹ آپریشن بند کرنے پر مجبور ہوں گے، چیئرمین اکائی یونین کا احتجاج کا اعلان

لاہور (کرائم رپورٹر) علامہ اقبال انٹرنیشنل ایئرپورٹ لاہور پر ایف آئی اے سٹاف اور سول ایوی ایشن اہلکاروں کے درمیان شدید لڑائی ہو گئی۔ ایف آئی اے سٹاف نے سول ایوی ایشن اتھارٹی کے باوردی پورٹر کو شدید تشدد کا نشانہ بنایا، واقعہ ایئرپورٹ کے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 39)

لاہور ایئرپورٹ پر جھگڑا، انکوائری کمیٹی تشکیل

لاہور (آئی این پی) لاہور ایئرپورٹ پر پی اے اے پورٹر اور ایف آئی اے اہلکاروں کے درمیان جھگڑے کا معاملہ، واقعہ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 44)

گلگت بلتستان اعلیٰ عدلیہ میں تقرریوں سے متعلق کیس کی سماعت ملتوی

اسلام آباد (آئی این پی) سپریم کورٹ پاکستان نے حکومت کی درخواست پر گلگت بلتستان کی اعلیٰ عدلیہ میں تقرریوں سے متعلق (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 43)

توڑ پھوڑ مقدمہ، وکلاء کی عدم حاضری پر سماعت بغیر کارروائی ملتوی

اسلام آباد (آن لائن) ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹس اسلام آباد میں لانگ مارچ کے دوران توڑ پھوڑ پر علی نواز اعوان اور راجا (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 45)

سندھ ہائی کورٹ میں 6 ایڈیشنل ججز کی تعیناتی کا نوٹیفکیشن جاری

اسلام آباد (آئی این پی) سندھ ہائی کورٹ میں 6 ایڈیشنل ججز کی تعیناتی کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا۔ امجد علی بوہیو، محمد عبدالرحمان، (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 46)

علی امین گنڈاپور کے جسمانی ریمانڈ میں مزید 2 روز کی توسیع

اسلام آباد (آئی این پی) اسلام آباد کی عدالت نے پاکستان تحریک انصاف کے رہنما علی امین گنڈاپور کے جسمانی ریمانڈ میں 2 (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 47)

بشریٰ خان کی درخواست پر ایف آئی اے کو جواب داخل کرانے کیلئے مہلت

لاہور (آئی این پی) لاہور ہائی کورٹ نے فرح خان کی والدہ بشریٰ خان کی درخواست پر ایف آئی اے کو جواب داخل کرانے کے لیے 4 مئی تک کی مہلت دے دی۔ جسٹس طارق (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 48)

کورونا پابندیوں کا خاتمہ، چین جانیوالے پاکستانی طلباء کی تعداد میں اضافہ

چین پاکستانی طالب علموں کے لئے سرفہرست، ویزا درخواست دینے والوں کا رش

بیجنگ (آئی این پی) کورونا وائرس سے متعلق پابندیوں کے خاتمے کے بعد سے چین واپس پہنچنے والے پاکستانی طالب علموں کی تعداد میں اضافہ ہوگیا، چین کے لئے ویزا درخواست دینے والے طالب علموں کا رش، تقریباً 28,000 پاکستانی طلباء چین میں تعلیم حاصل کر رہے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 40)

اسلام آباد: نوجوان ون ویلنگ کر رہا ہے جو کسی حادثے کا باعث بن سکتا ہے

کورونا کے مزید 40 کیسز رپورٹ، 2 مریضوں کا انتقال

ملک بھر میں کورونا کے مثبت کیسز کی شرح 1.03 فی صد ریکارڈ ہوئی، این آئی ایچ

اسلام آباد (اے ایف پی) ملک بھر میں گذشتہ 24 گھنٹوں کے دوران کورونا وائرس کے مزید 40 نئے کیسز رپورٹ ہوئے۔ قومی ادارہ صحت کے مطابق 24 گھنٹوں کے دوران ملک بھر میں کورونا کے رپورٹ ہونے والے مثبت کیسز کی شرح 1.03 فی صد ریکارڈ ہوئی۔ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 41)

لاہور میں ڈینگی کا خطرہ ایک بار پھر منڈلانے لگا

34 سرکاری محکموں کو ڈینگی سرویلنس میں لاپرواہی پر وضاحتی مراسلہ جاری

لاہور (آئی این پی) صوبائی دارالحکومت لاہور میں ڈینگی کا خطرہ منڈلانے لگا جس کے بعد ڈپٹی کمشنر نے 34 سرکاری محکموں کو ڈینگی سرویلنس میں لاپرواہی پر وضاحتی مراسلہ جاری کر دیا۔ مراسلہ پاکستان کرکٹ بورڈ، ریلوے، واپڈا، جیل خانہ جات، ایکسائز، بورڈ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 42)

لاہور: حضرت علیؓ کے یوم شہادت کے موقع پر تعزیے کا مرکزی جلوس مسجد وزیر خان سے گزر رہا ہے

مظفر آباد اور گردونواح میں زلزلے کے جھٹکے، شہری خوفزدہ

مظفر آباد (آئی این پی) آزاد کشمیر کے دارالحکومت اور گردونواح کے علاقوں میں بدھ کی علی الصبح زلزلے کے شدید جھٹکے محسوس (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 5)

وزارت ریلوے عیدالفطر کے موقع پر 5 خصوصی ٹرینیں چلائے گی

راولپنڈی (آن لائن) وزارت ریلوے عیدالفطر کے موقع پر 5 سپیشل ٹرینیں چلائے گی۔ 18 اپریل کو پہلی ٹرین کراچی سے پشاور (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 6)

حکومت کی جانب سے ملک بھر میں مفت آٹے کی تقسیم جاری

ڈی جی خان میں ساڑھے 48 لاکھ، فیصل آباد میں 44 لاکھ سے زائد تھیلے تقسیم کئے گئے

سرگودھا میں 36 لاکھ سے زائد، گوجرانوالہ میں 36 لاکھ 3 ہزار 644 تھیلے تقسیم ہو چکے

اسلام آباد (آئی این پی) حکومت کی جانب سے ملک بھر میں مفت آٹے کی تقسیم کا عمل جاری، ڈیرہ غازی خان میں 48 لاکھ 48 ہزار 637، فیصل آباد 44 لاکھ 3 ہزار 182، سرگودھا 36 لاکھ 4 ہزار 286، گوجرانوالہ میں 36 لاکھ 3 ہزار 644 تھیلے تقسیم ہو چکے ہیں۔ بدھ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 7)

پبلک اکاؤنٹس کمیٹی نے چیئرمین ایس ای سی پی کو طلب کرلیا

ملک میں قوانین کا مذاق بنادیا گیا، سیکرٹری اطلاعات بیک وقت دو عہدوں پر کام کررہے ہیں

کچھ ادارے زکوۃ کاٹ کر سرکاری خزانے میں جمع نہیں کروارہے، چیئرمین پبلک اکاؤنٹس کمیٹی

اسلام آباد (آئی این پی) پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کا اجلاس چیئرمین نور عالم خان کی زیر صدارت پارلیمنٹ ہاؤس میں ہوا۔ اجلاس کے آغاز پر چیئرمین پی اے سی نے سوال اٹھایا کہ کچھ ادارے ہیں جو آڈٹ نہیں کروا رہے، کالج آف فزیشنز اینڈ سرجنز اور پاکستان نرسنگ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 8)

حج کے خواہشمند پاکستانیوں کیلئے نیا ہدایت نامہ جاری

اسلام آباد (یو این پی) وزارت مذہبی امور نے رواں برس حج کے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 9)

پختونخوا مالی بحران، سرکاری افسران کے دفاتر میں تزئین و آرائش پر پابندی

پشاور (آئی این پی) خیبر پختونخوا میں بدترین مالی بحران کے تناظر میں اعلیٰ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 10)

راجن پور: خواجہ سرا حکومتی مرکز سے مفت آٹا لے جا رہے ہیں

شہزاد اکبر، خسرو بختیار ہمارے ماتھے پر کلنک کا نشان، اعظم سواتی

خدا کے فضل سے وہ ہمارے ساتھ سے ہٹ گئے، یقینی بنائیں گے ایسے افراد کو ٹکٹ نہ دیں

اسلام آباد (یو این پی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما اعظم سواتی کا کہنا ہے کہ شہزاد اکبر، خسرو بختیار ہمارے ماتھے پر کلنک (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 11)

محکمہ سیاحت پنجاب کا نام تبدیل کر کے ٹورازم، آرکیالوجی اور میوزیمز ڈیپارٹمنٹ کر دیا گیا

لاہور (آئی این پی) حکومت کی جانب سے محکمہ سیاحت پنجاب کا نام تبدیل کر کے ٹورازم، آرکیالوجی اور میوزیمز ڈیپارٹمنٹ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 12)

آج کا موسم

لاہور کا درجہ حرارت
زیادہ سے زیادہ 38 ڈگری سینٹی گریڈ
کم از کم 21 ڈگری سینٹی گریڈ
ملک کے مختلف حصوں میں موسم گرم اور خشک رہنے کا امکان ہے: محکمہ موسمیات

محکمہ موسمیات کی آئندہ چوبیس گھنٹوں میں بارش نہ ہونے کی پیش گوئی

لاہور (آن لائن) محکمہ موسمیات نے آئندہ چوبیس گھنٹوں کے دوران شہر لاہور میں بارش نہ ہونے کی پیش گوئی کی ہے۔ محکمہ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 13)

اقتصادی رابطہ کمیٹی کا اجلاس آج ہوگا

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر خزانہ اسحاق ڈار کی زیر صدارت اقتصادی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 14)

صوبوں کو یوسی سطح پر ہیٹ ویو ریسپانس سینٹرز قائم کرنے کی ہدایت

معلومات اور مربوط کوششوں کے لئے کنٹرول روم کے قیام کی بھی سفارش کی ہے، شیری رحمان

اسلام آباد (اے ایف پی) وفاقی وزیر برائے ماحولیاتی تبدیلی، سینیٹر شیری رحمان نے کہا ہے کہ ہیٹ کے نقصانات سے بچنے کیلئے پیشگی اقدامات کرنا ہوں گے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر بیان میں شیری رحمان نے کہا کہ ہم نے موسم گرما میں محکمہ ہیٹ ویو کے انتظامات کے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 31)

ایکشن کراؤ
ملک بچاؤ
Nation Stands
With

اسلام آباد: وکلاء چیف جسٹس عمر عطاء بندیال کے حق میں ریلی نکال رہے ہیں

گرمی میں اضافہ، بجلی کی طلب بڑھنے سے لیسکو کو شارٹ فال کا سامنا

شہری علاقوں میں دو گھنٹے، مضافات میں تین سے ساڑھے تین گھنٹے بجلی بند رہنے لگی

لاہور (آن لائن) صوبائی دارالحکومت لاہور میں گرمی کی شدت میں اضافے کے ساتھ ہی بجلی کی طلب میں بھی اضافہ ہوگیا ہے، لیسکو کے اعداد و شمار کے مطابق لیسکو کو گذشتہ روز بجلی کی طلب 3390 میگا واٹ تھی جبکہ لیسکو کو ایلوکیشن کے برعکس 3150 میگا واٹ بجلی فراہم کی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 32)

موسمیاتی تبدیلیوں کی وجہ سے ہیٹ ویو اور گرمی کی شدت میں اضافے کا امکان

گرمی کی شدت بڑھنے سے جنگلات میں آتشزدگی کا سامنا بھی کرنا پڑ سکتا ہے: عمران قریشی

لاہور (آن لائن) ڈائریکٹر جنرل پراونشل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی فلائیٹ لیفٹیننٹ عمران قریشی کی زیر صدارت پی ڈی ایم اے کے کمیٹی روم میں اجلاس منعقد ہوا، جس میں ڈائریکٹر (ساؤتھ) حمید اللہ ملک کے علاوہ سول ڈیفنس، جنگلات، زراعت، تعلیم، لوکل گورنمنٹ، انڈسٹریز، (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 33)

ڈاکٹر نازمین امان، ہمالین آئبکس کا شکار کرنیوالی گلگت بلتستان کی پہلی خاتون شکاری

ہنزہ (آن لائن) ہنزہ سے تعلق رکھنے والی ڈاکٹر نازمین امان نے 42 انچ لمبی سینگ والی ہمالین آئبکس کا کامیاب شکار کر کے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 34)

اسلام آباد ہائیکورٹ: شاندانہ گلزار کیخلاف مقدمات کی تفصیلات طلب

اسلام آباد (آئی این پی) اسلام آباد ہائیکورٹ نے پاکستان تحریک انصاف کی رہنما شاندانہ گلزار کے خلاف مقدمات کی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 35)

ملزم پانچ ماہ سے جیل میں، انکوائری مکمل کیوں نہیں ہوئی، جسٹس عیسیٰ

انکوائری مکمل نہیں تو عدالت کیوں آئے ہیں، عدالت نے تفتیشی کو جھاڑ پلادی، ملزم کی ضمانت منظور

اسلام آباد (آن لائن) سپریم کورٹ نے لین دین کے مقدمہ میں مبینہ فراڈ کے ملزم اویس مہدی کی ایک لاکھ روپے کے مچلکوں کے عوض ضمانت منظور کرلی ہے۔ عدالت عظمیٰ میں معاملے کی سماعت جسٹس قاضی فائز عیسیٰ کی سربراہی میں دو رکنی بنچ نے کی۔ دوران سماعت جسٹس قاضی فائز (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 36)

وساکھی میلا اور خالصہ جنم 324 کی تین روزہ تقریبات کا آغاز

بھارت، اندرون ملک اور دنیا بھر سے آئے ہزاروں سکھ یاتری تقریب میں شرکت کریں گے

لاہور (سپیشل رپورٹر) سکھ مذہب کے روایتی تہوار وساکھی میلا 2023 اور خالصہ جنم 324 کی تین روزہ تقریبات کا آغاز گوردوارہ پنجہ صاحب حسن ابدال میں ہوگیا۔ بھارت سے 2470 اندرون ملک اور دنیا بھر سے آئے ہزاروں سکھ یاتری تقریب میں شرکت کریں گے۔ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 37)

ایران، سعودیہ تعلقات استوار کرنے میں چین نے کلیدی کردار ادا کیا: سنجرانی

تین رکنی چینی وفد کی چیئرمین سینیٹ سے ملاقات، باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا

اسلام آباد (آن لائن) چیئرمین سینیٹ محمد صادق سنجرانی نے خطے میں قیام امن کے کیلئے چین کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ سعودی عرب اور ایران کے درمیان بہتر تعلقات استوار کرنے میں چین نے بہت کلیدی کردار ادا کیا ہے جو قابل ستائش ہے، چینی شہریوں کی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 38)

میونسپل کمیٹی عملہ طاہر مجید انکروچمنٹ آفیسر، ندیم بلوچ اسسٹنٹ کمشنر کی قیادت میں تجاوزات کے خلاف آپریشن کرتے ہوئے

برطانوی ہوم سیکرٹری کا پاکستانی نژاد شہریوں بارے بیان نسل پرستانہ، سعیدہ وارثی

کسی بھی پس منظر کے افراد ہم جنس پرستی کے مخالف اور نسل پرست ہو سکتے ہیں، برطانوی ٹوری بیرونس کا بیان

لندن (آئی این پی) برطانوی ٹوری بیرونس سعیدہ وارثی نے ہوم سیکرٹری برطانیہ کے بیان کو نسل پرستانہ قرار دے دیا۔ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 21)

مسجد الاقصیٰ میں رمضان کے اختتام تک یہودیوں کے داخلے پر پابندی

یروشلم (آئی این پی) اسرائیل نے رمضان کے اختتام تک یہودیوں اور سیاحوں کے مسجد اقصیٰ کے احاطے میں داخلے پر (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 22)

بھارت میں جائیداد کیلئے مردہ خاتون کا انگوٹھا لگوانے کی ویڈیو وائرل

نئی دہلی (آن لائن) بھارت میں انسانیت کی انتہائی گری ہوئی حرکت کا تازہ واقعہ پیش آیا ہے۔ ایک شخص نے جائیداد کی لالچ میں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 23)

چین، 80 مشتبہ افراد گرفتار بھاری مقدار میں منشیات برآمد

بیجنگ (آن لائن) چین میں انسداد منشیات فورسز نے کارروائی کرتے ہوئے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 24)

ٹوئٹر اکاؤنٹس سے بلیو ٹِک 20 اپریل تک ہٹادی جائیگی، ایلون مسک

لندن (آن لائن) سوشل میڈیا سائٹ ٹوئٹر کے سی ای او ایلون مسک نے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 25)

ٹی وی ریموٹ سے بھی پتلا کتا، عالمی ریکارڈ جیت لیا

واشنگٹن (یو این پی) امریکا کے دو سالہ کتے نے دنیا کا سب سے چھوٹا کتا ہونے کا عالمی ریکارڈ اپنے نام کر لیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 26)

عمرہ زائرین کیلئے نئی ہدایات جاری

ریاض (یو این پی) سعودی وزارت داخلہ نے عمرہ زائرین کیلئے نئی گائیڈ لائنز (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 27)

ڈونلڈ ٹرمپ کا مقدمات کے باوجود صدارتی دوڑ میں شامل رہنے کا اعلان

واشنگٹن (یو این پی) نیویارک کی ایک عدالت میں مجرمانہ الزامات کا سامنا کرنے والے سابق امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 28)

جنوبی کوریا: اپوزیشن نے جاسوسی پر امریکا سے معافی مانگنے کا مطالبہ کردیا

واشنگٹن (یو این پی) پینٹاگون کی خفیہ دستاویزات افشا ہونے سے امریکا کو اتحادیوں کے شدید ردعمل کا سامنا ہے، جنوبی کوریا کی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 29)

سعودی عرب، ضوابط کی خلاف ورزی پر 3 بنگلا دیشی گرفتار

ریاض (یو این پی) سعودی عرب میں رہائش اور کام کے ضوابط کی خلاف ورزی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 30)

کینیڈین انرجی انفرااسٹرکچر پر سائبر حملوں کا انکشاف

کانرجی انفرااسٹرکچر کو سائبر حملوں میں کوئی نقصان نہیں پہنچا، جسٹن ٹروڈو

ٹورنٹو (آن لائن) امریکا کی افشا ہونے والی خفیہ دستاویزات میں کینیڈین انرجی انفرااسٹرکچر پر سائبر حملوں کا انکشاف، کینیڈا کے وزیراعظم جسٹن ٹروڈو کا کہنا ہے کہ کینیڈین انرجی انفرااسٹرکچر کو سائبر حملوں میں کوئی نقصان نہیں پہنچا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق ٹورنٹو میں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 15)

اقوام متحدہ کی افغانستان میں فلاحی کام روکنے کی دھمکی

خواتین پر پابندیاں لگا کر عالمی ادارے کو افغانستان میں فلاحی کام روکنے پر مجبور کیا جارہا ہے

نیویارک (یو این پی) اقوام متحدہ نے خواتین پر پابندیوں کے خلاف افغانستان میں فلاحی کام روکنے کی دھمکی دے ڈالی۔ غیر ملکی خبر رساں ایجنسی کے مطابق اقوام متحدہ نے کہا کہ خواتین پر مختلف اقسام کی پابندیاں لگا کر عالمی ادارے کو افغانستان میں فلاحی کام روکنے پر مجبور کیا (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 16)

جنین میں جھڑپیں 5 افراد گرفتار، درجنوں آبادکاروں کا الاقصیٰ پر دھاوا

پولیس نے فلسطینی نمازیوں کو آبادکاروں کی دراندازی کے راستے سے ہٹادیا، عرب ٹی وی

تل ابیب (یو این پی) اسرائیلی فورسز نے مغربی کنارے کے جنین پناہ گزین کیمپ پر دھاوا بول دیا جس کے بعد فلسطینی نوجوانوں کے ساتھ جھڑپیں شروع ہو گئیں۔ عرب میڈیا کے مطابق اسرائیلی فورسز نے گذشتہ برس ستمبر میں وادی اردن میں اپنے والد کے ساتھ مل کر (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 17)

PAKISTAN
NETHERLANDS

نیویارک: اقوام متحدہ میں پاکستانی مستقل مندوب منیر اکرم اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

امریکا یوکرین میں بیالوجیکل ہتھیار بنا رہا ہے، ماسکو

عالمی بیالوجیکل تحفظ کی کارروائیوں کی آڑ میں روسی سرحد کے نزدیک بیالوجیکل ہتھیاروں کے تجربات کررہا ہے

ماسکو (آئی این پی) روس کے بیالوجیکل، کیمیکل اور ایٹمی ہتھیاروں سے دفاع کے کمانڈر نے کہا ہے کہ اس بات کے ثبوت موجود ہیں کہ امریکا یوکرین میں بیالوجیکل ہتھیار بنا رہا (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 18)

افغانستان، سکیورٹی فورسز کا آپریشن، کمانڈر سمیت 8 باغی ہلاک

دو مشین گنیں، اے کے ایم اور ایک راکٹ سے چلنے والا دستی بم قبضے میں لیا گیا

کابل (آن لائن) افغانستان میں سکیورٹی فورسز نے آپریشن کر کے باغی کمانڈر سمیت آٹھ مسلح جنگجوؤں کو ہلاک کر دیا جبکہ بھاری مقدار میں اسلحہ بھی برآمد کیا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 19)

بھارتی فوج کے ملٹری سٹیشن میں فائرنگ، 4 فوجی ہلاک

واقعہ بھٹنڈا میں پیش آیا، اندرونی افراد کی طرف سے کی گئی کارروائی ہے، پولیس

نئی دہلی (آن لائن) بھارتی ریاست پنجاب میں بھارتی فوج کے ملٹری سٹیشن میں فائرنگ سے 4 اہلکار ہلاک ہوگئے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق واقعہ بدھ کی صبح پنجاب کے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 20)

ڈاکٹر ہارون ابراہیم
بروز اتوار
ایم بی بی ایس (K.E) ایف سی پی ایس
(آرتھو) ایم آر سی ایس (انگلینڈ)
صبح 10 بجے سے شام 6 بجے تک
کنسلٹنٹ آرتھوپیڈک سرجن
ہڈیوں کے آپریشن کی سہولت موجود ہے
پٹھہ
ہڈی، جوڑ
پولیو
فریکچر
مہروں کا پرانا درد
ہڈیوں کی نشوونما کے مسائل
بچوں کے پیدائشی ٹیڑھے پاؤں
ہڈیوں کی ٹی بی
گینٹھیا
0300-6561229 – 0331-8715007
بمقام: ڈاکٹر محمد جاوید اقبال۔ تنویر میڈیکل سٹور اقبال پارک روڈ پیر محل